فہرست مطالب

اردو مقالات

مولانا ظفر علی خان، خانگی زندگی کا ایک نقش/ ڈاکٹر زاہد منیر عامر ۵

ابن الرومی، ایک شاعر ایک تاریخ / مسز زریں ریاض ۳۱

اہم علمی و ادبی فارسی ویب سائیٹس / ڈاکٹر سید محمد فرید ۶۷

سبک ہندی کی فارسی غزل، نمایاں خصوصیات / ڈاکٹر محمد صابر ۸۱

عبدالعزیز البشری بحیثیت مزاح نگار/ ڈاکٹر حارث مبین ۹۱

فارسی مقالات

فارسی و پاکستان/ دکتر محمد ناصر ۱۰۵

منشی خیالی رام و روشهای حاشیہ نگاری او بر کتاب اعجاز خسروی امیر خسرو دهلوی / مصباح الدین نرزیقول محمود زادہ ۱۱۹

زبان های رسمی ہندوستان / سوبھاش کمار ۱۳۷

عربی مقالہ

الشعر الفارسی فی مرحلہ التجدید نیما یوشیج نموذجاً/ الدکتور احمد موسیٰ ۱۵۱

پنجابی مقالہ

شہادت خان لکھیرا: پنجاب دا ہک نشا بھر پاتر / ڈاکٹر سعید بھٹا ۱۶۷

انگریزی مقالہ

Arthor John Arberry As An Interpreter of the Holy Quran/ Dr. Sultan Shah 03

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 30, Sr.No.76, 2009, pp 5 - 30

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۰، جولائی۔ستمبر ۲۰۰۹ء، شمارہ ۷۶

مولانا ظفر علی خان .....خانگی زندگی کا نقش

ڈاکٹر زاہد منیر عامر☆

Abstract:

Maulana Zafar Ali Khan was a famus poet of Urdu. His poetry created ripples among the Muslims of the sub-continent, and helped them think to resist for their right of independence. He was an unforgettable character of our independence movement. Maulana led a very active life and traveled far and wide for the national cause of the Muslims. During his itineraries, he wrote letters to his friends and especially to his loving wife. Through these letters, we come to know of his household life. This aspect of his life was remained unknown till now. This paper is an effort to explore this unknown aspect of Maulan's personal life.

قومی زندگی کے نامور کرداروں کے طور پر ہم جن شخصیتوں سے واقف ہوتے ہیں عام طور سے ان کی زندگی کا ایک ہی رخ ہمارے سامنے رہتا ہے۔عوامی اور عمومی زندگی سے ہٹ کر وہ کیسے تھے اور روز مرہ زندگی کے مسائل و معاملات ان پر کیسے اثر انداز ہوا کرتے تھے

☆ وزیٹنگ پروفیسر مسندِ اردو و مطالعہ پاکستان، جامعہ الازہر، قاہرہ۔مصر

اور وہ ان میں سے کیسے اپنا راستہ نکالتے تھے، یہ سب کچھ عام طور پر پردۂ خفا ہی میں رہتا ہے۔یوں بھی عام بین نگاہیں شخصیت کے پس پردہ تشکیلی عوامل کی جستجو کم ہی کیا کرتی ہیں۔مولانا ظفر علی خان (۱۸۷۳ء۔۱۹۵۶ء) ہماری ماضی قریب کی قومی زندگی کا ایک ناقابل فراموش کردار ہیں۔آئندہ صفحات میں پیش کیے جانے والے غیر مطبوعہ خطوط مولانا ظفر علی خان کی ازدواجی زندگی کا ایک نقش ہیں۔ یہ خطوط جن کا دائرہ ۱۹۰۲ء سے ۱۹۳۸ء تک کے زمانے کو محیط ہے مولانا کی زندگی کے اس پہلو کو پہلی بار روشن کررہے ہیں ۔ یہ ایک محبت کرنے والے اور خیال رکھنے والے شوہر کے خطوط ہیں جو وہ اندرون و بیرون ملک کے مختلف مقامات سے اپنی اہلیہ کو لکھتے رہے ہیں۔ ان خطوط سے اپنی اہلیہ کے ساتھ ان کے غیر معمولی تعلق کا اندازہ ہوتا ہے کہ دیارِ غیر میں انھیں اپنی اہلیہ کی یاد آتی ہے اور اس عالم میں وہ اس کے خطوں کے تمنائی ہیں ، اس کے لیے میوے، مٹھائی اور تحائف خرید رہے ہیں، اسے رقوم بھجوا رہے ہیں، اس کے لیے سونے کی چوڑیاں بنوانا چاہتے ہیں،اپنے پروگراموں سے مطلع کررہے ہیں، گھریلو امور و معاملات میں ہدایات دے رہے ہیں، اس کے لیے ایک اچھے سے گھر کی تدبیر کررہے ہیں، جو شہر سے کسی قدر دور ہو، جہاں گرد و غبار نہ ہو، آب و ہوا اچھی ہو، جس کے ساتھ باغ بھی ہو اور اس میں عمدہ فرنیچر ہو، وہ چاہتے ہیں کہ ان کی بیگم اپنے بیٹے اور دیور کے ساتھ جا کر ایسی رہائش گاہ تلاش کرلے اور وہ واپس آئیں تو اپنے خوابوں کی اس جنت میں اتریں۔

انھیں اپنی اہلیہ کے خط کا کس قدر اشتیاق ہے، اس کا اندازہ ۱۵ر مئی ۱۹۱۳ء کے مکتوب کی ان سطور سے لگایا جاسکتا ہے:

> ''شکر ہے کہ تم کو بھی میرے نام خط لکھنے کی توفیق ہوئی۔ اختر کا خط جو پچھلے ہفتہ کھولا تو ایک کاغذ نظر پڑا جس پر چند مکوڑے چلتے ہوئے نظر آئے۔ غور سے دیکھا تو تمہارے پیارے ہاتھوں کے چند دل فریب نشان تھے جن کے چوم لینے کی ابھی تک اپنے دل میں جگہ پاتا ہوں ۔(۱) (خط نمبر ۵)

انھیں بیوی کی ناسازی مزاج دور دیس میں بے تاب و بے چین کردیتی ہے ، وہ متواتر خط لکھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ بیوی بھی انھیں طول طویل خط لکھے ان کے نزدیک باہمی محبت کا تقاضا یہ بھی ہے کہ ایک دوسرے کو اپنے احوال سے مطلع رکھاجائے اور اپنی زندگی و معمولات کی تفصیل ایک دوسرے سے شیئر کی جائے ۔ ان کی بیوی زیاہ پڑھی لکھی خاتون نہیں ہیں، اگر خط لکھتی بھی ہے تو مختصر اور بدخط اور ان چند سطری ناموں میں بھی شوہر کی وارفتگی کا جواب محبت سے نہیں بلکہ شکایت سے دیتی ہے، لیکن بیوی سے محبت کرنے والے شوہر کے دورافتادہ دل کو ان شکایت بھرے الفاظ سے بھی بوئے محبت آتی ہے اور وہ ان کے لیے بھی اظہار ممنویت کرتا ہے، کوئی دن ایسا نہیں جاتا جب اس کے دل میں بیوی کی محبت کے جذبات نہ لہلہاتے ہوں اور وہ اس کی صورت دیکھنے کے لیے بے تاب نہ ہوتا ہو، وہ ان کے خطوں کے جواب بھی باقاعدگی سے نہیں دے پاتی، لیکن وہ پھربھی انھیں اپنے علمی منصوبوں سے آگاہ کرتے ہیں مالی امور میں شریک رکھتے ہیں ، لین دین کے حسابات اس پر روشن کرتے ہیں ، ان کے پاس سفر میں کتنے پیسے ہیں وہ کتنے پیسے لے کر چلے تھے ، اب ان کی مالی کیفیت کیاہے ان تمام تفصیلات سے انھیں آگاہ کرتے ہیں۔

ان کی زندگی حوادث اور طوفانوں کاایک غیرمختتم سلسلہ ہے، اخبارکی ضمانتوں کی ضبطی، اخبار کی بندش، مطبع کی ضبطی، حکومت کی تہدیدی چٹھیاں، عدالتوں کے سمن، اسفار کاروبار، ملازمت غرض ان کے مشاغل اور مصروفیات گوناگوں ہیں انھی حالات میں وہ جب بھی اپنی اہلیہ سے جداہوتے ہیں تواسے محبت بھرے خطوط کے ذریعے سے یاد رکھتے ہیں ،کبھی اس کے لیے چائے کاچاندی کاسیٹ خریدتے ہیں ،جس کی بابت انھیں یقین ہے کہ بیوی اسے دیکھ کر خوش ہوجائے گی، اور کبھی اس کے لیے خوب صورت اور کشادہ گھر کی صورت گری کرتے دکھائی دیتے ہیں۔

خطوط ظاہر ہے جدائی کے عالم میں لکھے جاتے ہیں اور ظفرعلی خان کی یہ جدائی ان

کے اسفار کے باعث ہے۔ یہ خطوط کراچی، دہلی، بربرہ (سومالی لینڈ) بمبئی، لندن اور سفرلندن کے دوران جہاز سے لکھے گئے ہیں۔ یہ خطوط ۱۹۰۲ء سے شروع ہوتے ہیں۔۱۹۰۲ء میں ظفر علی خان کی ازدواجی زندگی نو برس کے شب رو روز دیکھ چکی تھی اور ۱۹۱۴ء تک اس میں مزید بارہ برسوں کا اضافہ ہو چکا تھا، آخری دستیاب خط بمبئی سے لکھا گیا جو غالباً ۱۹۳۸ء کا ہے۔ ظفر علی خان نے خود کو ایک خط کے آخر میں بندۂ محبت لکھا ہے اور ایک خط میں اپنی نسبت یہ شعر ارقام کیا ہے:

کیا غرض لاکھ خدائی میں ہوں دولت والے
ان کا بندہ ہوں جو بندے ہیں محبت والے(۲)

اکیس برس کی ازدواجی زندگی گزارنے کے باوجود بیوی کے لیے ایسے جذبات محبت کا اظہار انھیں واقعی بندۂ محبت ثابت کرتا ہے۔

ان خطوط سے ظفر علی خان کے جذبات کا اظہار نثر میں ہو رہا ہے، وہ ایک بے مثال بدیہ گو اور کلاسیکل ادب سے پر نظر رکھنے والے شاعر ہیں توقع کی جاسکتی تھی کہ وہ ان خطوط میں اشعار کا استعمال ظاہر کرتے لیکن حیران کن حد تک یہ خطوط اشعار سے معرّیٰ ہیں۔ ہم نے اس خیال سے ان کے شعری مجموعوں کی سیر کی کہ بیوی سے جدائی کے زمانے میں کہی گئی منظومات میں، ان کے ان دنوں کے جذبات کا نقش تلاش کیا جائے تو ان کی نظم ''غریب الوطن شاعر کا خطاب اپنی بیوی سے جو وطن میں ہے'' (۳) نگاہیں میں ٹھہر گئیں۔ آپ بھی دیکھیں:

غریب الوطن شاعر کا خطاب اپنی بیوی سے جو وطن میں ہے:

بزمِ دل میں جس کے روشن شمعِ یادِ یار ہو
ہے اُسے سب ایک ویرانہ ہو یا گلزار ہو
کس لقب سے یاد تجھ کو اے مری بی بی کروں
مونس و ہمدم کہوں دلبر کہوں جاناں کہوں

تیری عصمت کی قسم تیری محبت کی قسم
لوحِ دل پر ہے ترے احساں کا نقشہ مرتسم
غم کدہ میرا ترے ہونے سے عشرت خانہ ہے
تیری پیاری پیاری صورت زینت کاشانہ ہے
تو چراغ منزل امید ہے میرے لیے
تو خدائے پاک کی تائید ہے میرے لیے
دیکھ کر دل میں تری تصویر روح آسا کو میں
بھول جاتا ہوں غم دنیا و مافیہا کو میں
ہے جھلک تیرے رُخِ انور کی اس میں جلوہ گر
جو دل آرا ہے ترا اور ہے مرا لخت جگر
اس کی آنکھوں میں چمکتی ہے وہ نورانی کرن
تیری چشم نرگسیں جس کا ہوا پہلا وطن
یہ کرن ان بادلوں کو بھی ہے چمکائے ہوئے
میری پیشانی پہ ہیں جو آج کل چھائے ہوئے
ولولہ اُلفت کا جب ہوتا ہے دل میں جوش زن
آدمی کے لب پہ آ جاتا ہے نامِ عقل و زن
جس طرح اپریل کی گرمی میں مرجھاتے ہیں پھول
گرتے ہی شبنم کے لیکن تازہ ہوجاتے ہیں پھول
ویسے ہی وہ دل کیا غم نے جسے تاراج ہو
صبر کا، تسکین کا، امید کا، محتاج ہے
رحمت اس کی روح پر جس کا ہے یہ قولِ مبیں

ہے صدائے باز گشت آوازِ ارواح بریں
ہے ندا جن کی جواب ان خاکیوں کی بات کا
جن سے تھا اُن کو تعلق اس جگہ دن رات کا
اے مری پیاری ! گراں ہے تجھ پہ گریہ خاک واں
اور ہے تجھ کو تمنائے حیاتِ جاوداں
اس سے پہلے جب کہ میرا طائر روحِ حزیں
اس قفس کو چھوڑ کر تجھ سے ملے آ کر وہیں
میں یہی الفاظ دہراتا رہوں گا بار بار
جانِ من جانانِ من سو دل سے ہوں تجھ پر نثار
تاکہ اوپر سے اٹھا دے تو نقابِ راز کو
اور تسکیں پاؤں میں سن کر تری آواز کو

اس مرحلے پر یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ مولانا ظفر علی خان کی ازدواجی زندگی کسی رومانی تعلق کا نتیجہ نہیں تھی بلکہ یہ ایک خالص روایتی Arranged Marriage تھی ، بلکہ روایتی سے بھی کچھ بڑھ کر اس لیے کہ ان کی شادی بقولِ خود ''بارہ برس کی عمر میں ہوگئی تھی۔ جب بیوی گھر میں آئی تو میں ایک مدت تک یہیں سمجھتا رہا کہ یہ کوئی مہمان لڑکی آئی ہے۔'' (۴)

خاندانی روایت کے مطابق جب ظفر علی خان نے لوئر مڈل کا امتحان دیا تو اسی اثنا میں شادی کا واقعہ پیش آ گیا، اس وقت ان کی عمر دس سال تھی۔ ظفر علی خان کے دادا جب سیالکوٹ میں مقیم تھے تو ان کی اپنے پڑوسی سے دوستی ہوگئی اور وہ اس کی بیٹی کو اپنی بچیوں کی طرح چاہنے لگے اور کسی جذباتی لمحے میں یہ کہہ دیا کہ میرا پوتا ہوگا تو اسے بہو بناؤں گا۔ جب ظفر علی خان کی عمر دس برس ہوئی تو اس بچی کے والد یعنی مولوی کرم الٰہی کے پڑوسی دوست، نے مولوی صاحب کو یہ بات یاد کروائی ، مولوی کرم الٰہی نے اپنے سعادت مند بیٹے مولوی سراج الدین احمد سے یہ بات

کی۔ پہلے پہل مولوی سراج الدین نے اس تجویز کی مخالفت کی لیکن پھر باپ کا احترام فیصلہ کن ثابت ہوا تاہم مولوی سراج الدین احمد نے یہ دو شرائط رکھیں: (الف) بچے کے سامنے اس رشتے کا ذکر نہ کیا جائے (ب) شادی کے بعد ظفر علی خان کو میرے بہنوئی (فاطمہ بیگم کے شوہر راجہ عبداللہ خان جو مہندر کالج پٹیالہ میں پروفیسر تھے) کے پاس بھیج دیا جائے۔

ان شرائط پر شادی ہوگئی لیکن درحقیقت مولوی سراج الدین احمد اس شادی کے حق میں نہیں تھے، وجوہ بہت واضح تھیں، بچی کی عمر اٹھارہ برس تھی جب کہ ظفر علی خان اپنے مضمون کے مطابق بارہ برس اور خاندانی روایت کے مطابق دس برس کے تھے۔ ابھی ان کی تعلیم بالکل ابتدائی مرحلے میں تھی اور اس کم سنی میں ان پر شادی کی ذمہ داریوں کا بار ڈالنے کا نتیجہ ان کے تعلیمی مستقبل کی تاریکی کی صورت میں نکل سکتا تھا، پھر بچی معمولی پڑھی لکھی تھی، اس کے والد عمر دین لکڑی کے ٹھیکے دار تھے اس لیے ان کے گھر کا ماحول تعلیمی نہیں رہا ہوگا۔ مولوی سراج الدین احمد ہماری مشرقی روایات کے مطابق ان تمام تر تحفظات کے باوصف اپنے والد کے حکم سے سرتابی نہ کر سکے اگرچہ انھوں نے بعد ازاں اپنی ڈائری میں لکھا: ''میں نے اپنے باپ کی فرماں برداری میں یہ ایک قربانی دی ہے۔'' (۵) یہ ایک ایسی شادی تھی جسے دولھا سے مخفی رکھ کر انجام دیا گیا تھا، خاندانی روایات یہ بھی ہے کہ کم سن پوتے نے گھر میں شادی کی تیاریاں ہوتے دیکھیں تو دادا سے فرمائش کی کہ مجھے بھی شادی میں ہمراہ لے چلیں چنانچہ انھیں ساتھ لے جایا گیا لیکن لڑکے کی طرف سے ایجاب وقبول لڑکے کے وکیل بن کر بزرگوں نے کرلیا، لڑکی ماں باپ کے گھر سے رخصت ہوکر سسرال آ گئی لیکن ساتھ ہی دولھا کو پٹیالہ بھجوا دیا گیا۔ مولوی سراج الدین احمد کا خیال تھا کہ لڑکے کو بی۔اے سے پہلے شادی کا علم نہیں ہونا چاہیے، جب وہ گھر پر ہی نہیں رہے گا تو تعلقات زنا شوئی کیوں کر رکھ سکے گا، چنانچہ شادی کے ساتھ ہی ظفر علی خان کو پٹیالہ بھیج دیا گیا جہاں سے انھوں نے میٹرک کا امتحان پاس کیا، اس کے بعد علی گڑھ چلے گئے۔ دوران تعلیم وہ جب کبھی گھر آتے اور ایک نئے فرد کو گھر میں موجود پاتے تو اس پر

تعجب ظاہر کیا کرتے ۔ والدہ کی طرف سے یہ جواب ملتا کہ میں نے اپنی تنہائی کی وجہ سے اپنی سہیلی کی بیٹی کو اپنے پاس رکھا ہوا ہے۔ ۱۸۹۳ء میں جب ظفر علی خان بی۔اے کے سال اول کا امتحان دے کر گھر آئے تو ان پر اپنے شادی شدہ ہونے کا راز منکشف ہوا(۶) چنانچہ بی۔اے کی ڈگری تو انھیں ۱۸۹۵ء میں ملی لیکن چھ دسمبر ۱۸۹۴ء کو جب انھیں بی اے سال دوم میں کامیابی کی اطلاع ملی تو اسی روز وہ ایک فرزند کے والد بن چکے تھے جس کا نام اختر علی خان رکھا گیا۔

آج کے معاشرتی منظرنامے میں یہ سب کچھ بہت عجیب وغریب معلوم ہوتا ہے لیکن بچوں کی شادی کے حوالے سے ہمارے پرانے بزرگوں کی روش اور زاویہ ہائے نظر کو پیش نظر رکھا جائے تو یہ سب کچھ ناممکن نہیں۔

جس لڑکی سے مولانا کی شادی کی گئی اس کا نام حاکم بی بی تھا، یہ لڑکی اپنے دادا سسر یعنی مولوی کرم الٰہی خان کی چہیتی تھی ، شاید انھیں یہ نام پسند نہیں آیا ہوگا چنانچہ انھوں نے اپنی اس لاڈلی بہو کا نام بدل کر برکت بیگم رکھ دیا، ممکن ہے حاکم نام سے انھیں اپنے پوتے کے محکوم ہوجانے کا اندیشہ لاحق ہوگیا ہو، چنانچہ انھوں نے بہو کی آمد کو باعثِ برکت سمجھتے ہوئے اس کا نام ہی برکت بیگم رکھ دیا۔ آنے والے صفحات میں پیش کیے گئے غیر مطبوعہ خطوط انھی برکت بیگم کے نام ہیں اور ان خطوط کے ذریعے مولانا ظفر علی خان کی زندگی کا یہ پہلو پہلی بار منظرِ عام پر آرہا ہے۔

(ایک)

کراچی

۴/اکتوبر ۱۹۰۲ء (؟)

میری جان

میں نے تم سے وعدہ کیا تھا کہ میں وقتاً فوقتاً تم کو خط لکھتا رہوں گا مگر وعدہ پورا نہ ہوا۔ اس لئے تم سے معافی مانگتا ہوں۔ محفوظ علی(۷) کو البتہ میں خط لکھتا رہا ہوں اور میری

خیریت کی خبر ان کی زبانی تم کو معلوم ہوتی رہی ہوگی۔

(؟) پہنچ کر میں پیچش میں مبتلا ہوگیا اور اس لئے آٹھ دن تک مجھے وہاں رہنا پڑا، ایک جلاب بھی لیا تھا اب خدا کے فضل سے اچھا ہوں۔

کتابیں (۸) خوب بک رہی ہیں، آج کی ڈاک میں پچاس روپے حالی، محفوظ علی کو خرچ کے لئے بھیجے ہیں اور کہہ دیا ہے کہ گھر میں خرچ کی ضرورت ہو تو دینا اور باقی جلد ساز کو دے دینا۔

یہاں سے اورنگ آباد (۹) اور اورنگ آباد سے بمبئی (۱۰) جاؤں گا۔ میرا ارادہ ہے کہ بمبئی سے تمھارے لئے سونے کی چوڑیوں کی ایک جوڑی بنواتا لاؤں۔ اسی لئے تمھیں روپیہ نہیں بھیجا۔

تمھیں اگر خط لکھنا ہو تو لکھ کر محفوظ علی کو بند کرنے کے بعد دے دو۔ انھیں میرا پتہ معلوم ہے مجھے مل جائے گا۔

میں کل اورنگ آباد جاؤں گا۔

اختر (۱۱) کا میری طرف سے منہ چومنا اور جناب والدہ صاحبہ کو دست بستہ سلام کہہ دینا۔ امید ہے کہ تم سب لوگ خیریت سے ہوگے۔

تمھارا

ظفر

یہ خط محفوظ علی کے نام کے خط میں بند کر کے بھیجتا ہوں وہ اندر پہنچا دیں گے۔

(دو)

دہلی

۷/جنوری ۱۹۰۳ء

میری جان

ایک خط تم کو کل بھیج چکا ہوں جو اس سے پہلے پہنچے گا۔ آج ایک صاحب مولوی

عبدالخالق کے ہاتھ اپنے ٹین کے صندوق میں آٹھ روپیہ کا میوہ اور مٹھائی تم لوگوں کے لئے بھیجتا ہوں ۔ کھاتے وقت مجھے بھی یادرکھنا۔ اور چیزیں سوائے سیب اورانگور کے ایسی ہیں جو زیادہ عرصہ تک رکھے رہنے سے بگڑیں گی بھی نہیں۔

کل یہاں سے روانہ ہوکر بدایوں (۱۲) جانے کا ،محفوظ علی کے ہمراہ، قصد ہے، وہاں دو تین دن رہوں گا اوراس کے بعد اندور کے رستہ سے واپس حیدرآباد آؤں گا اورپہنچ کر دربار (۱۳) کے کُل حالات تم کو سناؤں گا۔

والدہ صاحبہ سے سلام کے بعد کہہ دو کہ ان کے لئے میں نے ایک تسبیح خریدی ہے ۔جو اسی صندوق میں بند ہے اورتولیہ میں ایک کونے کی طرف لپٹی ہوئی ہے ۔اختر کا میری طرف سے منہ چومنا اوراس سے کہنا کہ یہ مٹھائی اورمیوہ میں نے اسی کی خاطر سے خرید کر بھیجا ہے۔

تمھارا

ظفر

(تین)

بمبئی ۹/اکتوبر ۱۹۰۳ء

میں نے پربھنی سے تم کو خط لکھا تھا وہاں سے اورنگ آباد گیا اور اورنگ آباد سے بمبئی آیا۔ رخصت میری ختم ہوگئی ہے اس لیے آج ایک مہینے کی رخصت کی اور درخواست بھیجی ہے۔ مبلغ دوسوروپے کے نوٹ رجسٹری کرکے محفوظ علی کے نام بھیجتا ہوں ۔محفوظ علی نے مجھ کو لکھا ہے کہ ریذیڈنس والا بنیا نوٹس دینے والا ہے کہ میرا روپیہ ادا کردو ورنہ نالش کردوں گا ۔خیر جب میں آؤں گا تو دیکھا جائے گا تم کچھ گھر کا خرچ چلاؤ اور باقی روپیہ سنبھال کررکھو ۔ان شاء اللہ اور کتابیں بھی بکنے کی ہیں۔ میں نے اورنگ آباد سے دس روپے کا منی آرڈر غلام حیدر (۱۴) کے نام لاہور بھیج دیا ہے۔ والدہ صاحبہ کی خدمت میں دست بستہ آداب قبول ہو۔ اور سب خیریت ہے اختر کا میری طرف سے منہ چومنا۔

تمھارا

ظفر

(چار)

بربرہ۔ ۱۰ر مئی (۱۹۰۶ء)

جان سے پیاری برکت

اس وقت تک کہ مجھ کو تم سے بچھڑے ہوئے دو مہینے ہونے کو آتے ہیں (۱۵) تم نے اپنے ہاتھ سے مجھ کو ایک سطر بھی نہیں لکھی اختر کو میں ہر ہفتہ خط لکھتا ہوں اور ہر خط میں تمھاری خیریت اور صحت مزاج کی خبر پوچھ بھیجتا ہوں لیکن مولوی اختر صاحب ایسے حضرت ہیں کہ اول تو خط کا جواب ہی نہیں دیتے اور اگر خط لکھتے بھی ہیں تو ایسا مختصر کہ دو چار سطروں سے زیادہ نہیں ہوتیں۔ اس میں بھی مطلب کی بات بہت کم ہوتی ہے تم کبھی کبھی مجھ سے کہا کرتی ہو کہ جتنی محبت مجھ کو تم سے ہے تم کو مجھ سے اوس سے کچھ زیادہ ہی ہے۔ لیکن محبت کا یہ اچھا ثبوت ہے کہ اپنی صحت اور خیریت کی خبر تک اپنے ہاتھ سے نہ لکھو۔ خصوصاً ایسی حالت میں کہ میں تمھاری ناسازی مزاج کی وجہ سے اتنی دور بے تاب اور بے چین ہوں۔ خیر جو ہوا سو ہوا اب خدا کے واسطے ہر ہفتہ مجھے لمبا چوڑا خط لکھا کرو۔ اور اوس میں ذرا ذرا سی بات لکھ دیا کرو۔ میں خدا کے فضل سے اب بالکل اچھا ہوں تین وقت خوب پیٹ بھر کر روٹی کھاتا ہوں، دس دس بارہ بارہ میل پیدل چل لیتا ہوں۔ محفوظ میری جس قدر خاطر تواضع کرتا ہے اور جس قدر میرے ساتھ اچھی طرح سے پیش آتا ہے اوس کے شکریہ کے لیے میرے پاس کافی لفظ نہیں۔

بھائی کو بھی مجھ سے وہ محبت نہ ہوگی جو اس کو مجھ سے ہے۔ خدا کرے ہمارے اور اس کے تعلقات اسی طرح عمر بھر تک قائم رہیں بلکہ اور بھی زیادہ گہرے ہو جائیں جیسا کہ تم اکثر خواہش کیا کرتی ہو۔ جب میں بمبئی میں تھا تو محفوظ کا ایک خط جو اس نے مجھے حیدرآباد کے پتے سے لکھا تھا، حیدرآباد ہوتا ہوا مجھے بمبئی میں ملا۔ اس میں ایک حصہ مضمون تمہاری مزاج پرسی کے متعلق بھی تھا اور تمھاری صحت کی دعا مانگنے کے بعد اس میں یہ لکھا تھا کہ تمھارے واسطے

ایک سو روپیہ بھیجا جاتا ہے تاکہ گھی کھا کر اچھی طرح سے تندرست ہوجاؤ۔ یہ روپیہ چونکہ بمبئی کے ایک سوداگر کی معرفت میرے نام بھجا تھا اور میں اس خط کے ملتے ہی روانہ بربرہ ہوگیا لہٰذا روپیہ واپس آیا مگر واپسی پر پھر اختر کے نام محفوظ نے بھیج دیا ہے جو تمھارے ایک مہینے کے خرچ کو کافی ہوگا اس سے تم سمجھ سکتی ہو کہ اس کو میرا اور تمھارا کتنا خیال ہے، اوس کے یہ احسان ایسے نہیں کہ ہم اتار سکیں لیکن یہ تمام احسان ہمیں دل میں جمع کر کے رکھ لینے چاہییں۔

میں نے اپنی رخصت میں چار مہینے اور بڑھوائے ہیں جس میں سے ایک مہینہ ختم ہوگیا ہے، تین مہینے رہ گئے ہیں، جب یہ ختم ہوجائیں گے تو واپس آؤں گا۔دو سال کی رخصت جو مجھ کو پچاس روپے ماہوار کے حساب سے ملی ہے، اس سے مجھ کو ضرور فائدہ اٹھانا چاہیے پچاس روپے ماہوار الاؤنس کے علاوہ رخصت کے پہلے دس مہینوں میں تین مہینے تک سو سو روپیہ اور سات مہینے تک پچاس پچاس روپے تنخواہ کے ملیں گے۔گویا دو سال میں کل ایک ہزار آٹھ سو پچاس روپے تنخواہ ملیں گے۔ جو تمھارے دو سال کے خرچ کو خواہ تم حیدرآباد میں رہو۔ خواہ بدایوں میں (اس کا فیصلہ تمھاری رائے پر منحصر ہوگا) کافی ہوں گے۔ میں اپنا تعلیم کا خرچ جس طرح سے ہوسکا ادھر ادھر سے نکال لوں گا۔(۱۶)

عبدالرحیم وکیل کا ترجمہ تھوڑا سا رہ گیا ہے، کتاب ختم کر کے ان شاء اللہ اگلے ہفتے کل ترجمہ تمھارے پاس بھیج دوں گا، منشی کو ترجمہ دے کر اس سے یہ کہہ دینا کہ پہلے تین سو روپے وکیل سے رکھوالے۔ اور بعد کو ترجمہ دے۔ اس تین سو میں سے (اگر وصول ہوجائیں) ایک سو منشی کو دے دینا، اس کا ہم پر ڈرامے کی چھپائی (۱۷) کے حساب میں شاید ڈیڑھ سو کے قریب باقی ہے۔ٹھیک رقم معلوم نہیں۔منشی کے حساب کی کتاب میں لکھا ہوا ہے۔

مولوی عبدالغنی کو شاید پچھتر کتابیں (ڈرامے کی) بیچنے کی غرض سے دی تھیں، اگر وہ آگئے ہوں تو منشی سے کہنا ان سے روپیہ وصول کرلائیں۔ نظیر بیگ سے کتابوں کا ایک سو ستر روپیہ وصول کرنا ہے میں نے تین خط بھیجے کہ روپیہ اختر کے نام بھیج دے لیکن نظیر بیگ نے کوئی جواب نہیں دیا اگر چھوٹی بیگم حیدرآباد میں ہوں تو ان سے مل کر کہو کہ نظیر بیگ سے روپیہ منگوادیں۔ بڑی مہربانی ہوگی اس وقت ہم کو روپیہ کی بڑی ضرورت ہے۔

میں نے عبدالحق کو آج لکھا ہے کہ ہر ہفتہ آکر اختر کا امتحان لیا کرے اگر مناسب سمجھے تو اپنے پاس لے جاکر ملک میں رکھے تمھاری رائے میں اگر مناسب ہو اسے بھیج دو۔ والدہ صاحبہ کی خدمت میں دست بستہ آداب قبول ہو۔ اختر کو پیار۔ اگلی ڈاک میں ایک سو روپیہ تمھارے نام نوٹ کے ذریعے سے پہونچے گا۔

تمھارا

ظفر

محفوظ علی بدایونی کا مختصر پیغام بیگم ظفر علی خان کے نام

بہن صاحبہ اور جنابہ چچی صاحبہ کو بہت بہت سلام۔ اس خط میں جو کچھ ظفر نے لکھا ہے اگرچہ اس کا بہت سا حصہ اور خصوصاً وہ حصہ جو میری محبت اور اپنی آسائش کے متعلق لکھا ہے، غلط ہے۔ مگر اس قدر صحیح ہے کہ خدا کے فضل سے اون کی صحت اب اچھی ہے۔ خدا کرے آپ بھی تندرست ہوں۔

آپ کا بھائی

محفوظ

(پانچ)

بربرہ
۲۹ رمئی ۱۹۰۶ء
پیاری برکت

آج اختر کے خط سے حُسنا کے (۱۸) ناگہانی انتقال کی خبر سن کر نہایت رنج ہوا، بے چاری کا چھوٹے چھوٹے دودھ پیتے بچے چھوڑ کر جوان مرجانا سخت دل ہلا دینے والا واقعہ ہے ۔ غلام حیدر کو جو صدمہ پہنچا ہوگا اس کا اندازہ تم اچھی طرح سے کرسکتی ہو۔ میں نے آج اسے ماتم پرسی کے طور پر ایک خط لکھا ہے اور تشفی دلاسا دینے کے بعد یہ لکھ دیا ہے کہ بچوں کی خبر گیری کے لئے تمھاری بہن موجود ہے جو ماں کی طرح ان کی پرورش کرے گی۔تم خود اپنے ہاتھ سے ایک خط اسی مضمون کا اس کو لکھ دو اور بچوں کو اپنے پاس بلوا بھیجو۔اگرچہ والدہ صاحبہ وہاں موجود ہیں لیکن مناسب یہی ہے۔

خدا کی شان، اکبر جوان مرگیا اور صفو (صغریٰ؟) بیوہ رہ گئی(۱۹) اب حُسنا مرگئی اور غلام حیدر اکیلا رہ گیا۔

اس میں بھی خدا کی کوئی خاص مصلحت ہوگی۔

ظفر

(چھ)

جہاز پرشیا۔۳ راگست ۱۹۰۶ء
پیاری برکت

عدن سے روانہ ہونے کے دن میں نے اپنی روانگی کی اطلاع بذریعہ تار تمھیں دی تھی، امید ہے کہ یہ تار تمھیں اسی دن پہنچا ہوگا۔کل صبح کے نو بجے ہم ان شاء اللہ بمبئی پہنچ جائیں گے۔ پانچ چھ دن وہاں ٹھہرنے کا قصد ہے کیونکہ بہت سے کام کرنے ہیں، جس دن حیدرآباد روانہ ہوں گا تو تار دوں گا۔(۲۰)

چونکہ یہ زمانہ برسات کا ہے اس لیے سمندر میں طوفان ہے، جہاز ڈگیانے کی وجہ سے سر میں چکر آتے رہتے ہیں، ایک ہفتہ سے برابر طبیعت خراب ہے کچھ کھایا پیا نہیں جاتا۔ آج

کسی قدر اچھا ہوں اور تمھیں خط لکھنے بیٹھا ہوں۔ بمبئی پہنچ کر ان شاء اللہ طبیعت درست ہوجائے گی۔ امید ہے کہ تمھارا مزاج بہ فضل خدا اچھا ہوگا۔ اختر کو پیار

تمھارا

ظفر

(سات)

The Deccan Review
A high class urdu monthly
devoted to literature

Time's Building
Hornby Road
Bombay 25th October 1906 (21)

جان سے پیاری برکت

آج ایک سو روپیہ کے پانچ بیس بیس روپیہ والے نوٹ رجسٹری کے ذریعہ سے تمھارے نام بھیجتا ہوں۔ جس دن میں چلا تھا تو ستر روپے بینک سے نکلوا کر اور پچپن روپیہ صاحب جنگ (؟) کے ہاں سے لاکر گویا کل ایک سو پچیس روپیہ حالی تمھیں میں دیتا آیا تھا۔ اس ایک (ناخوانا) روپے کے ایک سو پندرہ حالی ہوئے گویا کل دو سو چالیس روپیہ تمھارے پاس آئے۔ میں پانچ اکتوبر کو چلا تھا۔ جو بیس دن ہوتے ہیں۔ اس روپیہ میں تمھیں تین مہینے کا خرچ کم از کم چلانا چاہیے یعنی اکتوبر، نومبر اور دسمبر۔ جنوری کے مہینے میں ان شاء اللہ اور روپیہ بھیجا جائے گا۔

نواب نصراللہ خان (۲۲) نے ابھی تک روپیہ نہیں دیا لیکن امید ہے کہ دو مہینے میں جب اس کا بھتیجا گدی پر بیٹھے گا تو دو ہزار روپیہ مجھے مل جائے گا۔

اختر کا ابھی بمبئی آنا مناسب نہیں۔ رمضان کا مہینہ شروع ہوگیا ہے۔ میں، خدا نے چاہا تو عید گھر آکر کروں گا اور اس وقت اسے اپنے ساتھ لیتا آؤں گا۔

بجائے نوٹوں کے منی آرڈر بھیجا جاتا ہے۔

ظفر

(آٹھ)

لندن

۱۳ کراسفیلڈ روڈ

سوئس کاٹیج

۱۵ مئی ۱۹۱۳ء (۲۳)

پیاری برکت

شکر ہے کہ تم کو بھی میرے نام خط لکھنے کی توفیق ہوئی۔ اختر کا خط جو پچھلے ہفتہ کھولا تو ایک کاغذ نظر پڑا جس پر چند مکوڑے چلتے ہوئے نظر آئے۔ غور سے دیکھا تو تمہارے پیارے ہاتھوں کے چند دل فریب نشان تھے جن کے چوم لینے کی ابھی تک اپنے دل میں جگہ پاتا ہوں ۔ اگر چہ کبھی کبھی جب آئینہ کو دیکھتا ہوں تو بالوں میں ایک آدھ جگہ سفیدی جھلکتی ہوئی نظر آتی ہے اور کہتی ہے کہ عشق و محبت کے لئے جوانی چاہیے۔ بہر حال ایک مصیبت ختم نہیں ہونے پاتی کہ دوسری منہ پھاڑے سامنے آ کھڑی ہوتی ہے۔ ضمانت اور مطبع کی ضبطی (۲۴) کی فکر سے خدا خدا کر کے کسی قدر چھٹکارا ہوا تھا کہ پنجاب گورنمنٹ کی ایک چٹھی جس میں غصہ اور غضب کا زہر رہ کرا گلا گیا ہے بلائے ناگہانی کی طرح سر پر آنازل ہوئی۔ اب یہاں اس کا توڑ کر رہا ہوں ۔ اور نہ معلوم یہ سلسلہ کب تک جاری رہے۔ مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دشمنوں کے حملوں سے بچنے اور اُن کے جوڑ توڑ کا جواب دینے کے لئے مجھے سال کا ایک بڑا حصہ لندن ہی میں گزارنا پڑا کرے گا۔ عجب نہیں کہ یہاں سے انگریزی اخبار نکالنے پر مجھے مجبور ہونا پڑے۔(۲۵) میں یہ ارادہ کر رہا ہوں کہ گرمی کے دو تین مہینے یہاں گزار کر اکتوبر میں حج کرتا ہوا لاہور واپس ہوں۔ اس عرصہ میں وہ کالے بادل بھی جو سر پر گھرے ہوئے ہیں چھٹ جائیں گے اور مطلع صاف ہو جائے گا۔

جس مکان میں وہاں ہم رہتے ہیں وہ ہماری ضرورتوں کے لحاظ سے بہت تنگ ہے

اور ایک نہ دو اکٹھے تین کنبے اس میں آرام و آسائش کے ساتھ گزارا نہیں کر سکتے ۔ میں چاہتا ہوں کہ بالا خانہ غلام حیدر اور والدہ صاحبہ کے لئے چھوڑ دیا جائے اور ہم شہر کے کسی قدر دور یعنی جہاں گرد و غبار نہ ہو اور جہاں کی آب و ہوا بھی اچھی ہو ایک کوٹھی لے کر رہیں ۔ تم اختر و غلام حیدر کے ہمراہ جا کر کوئی کوٹھی جس کے ساتھ باغ بھی ہو اور جس کا کرایہ ستر روپیہ ماہوار ہو پسند کرلو(۲۶) اور اُس میں اٹھ جاؤ ۔ کوٹھی میں سامان (از قسم فرنیچر) عمدہ قسم کا ہونا چاہیے ۔ اس کے لئے تم ایک ہزار روپیہ تک خرچ کر سکتی ہو۔ میرا مطلب یہ ہے کہ جب میں آؤں تو تم اس کوٹھی کو آراستہ کر چکی ہو اور میں سیدھا اُس میں آسکوں۔ حقیقت میں یہ بات نہایت ہی تکلیف دہ اور ساتھ ہی بدزیب معلوم ہوتی ہے کہ ہم موجودہ مکان میں مسافروں کی طرح سے زندگی بسر کریں۔ ایک ہی کمرہ میں کھائیں ، اُسی میں بیٹھیں ، اُسی میں سوئیں اور اُسی میں مہمانوں کے لئے گنجائش نکالیں۔ اس لئے کہ ساتھ کے دو کمرے اس قدر چھوٹے ہیں کہ اُن کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

گاڑی اس وقت تک بن کر تیار ہوگئی ہوگی۔ اس کے لئے اچھی سی جوڑی تلاش کراؤ۔ قیمت اس میں شک نہیں کہ زیادہ ہوگی لیکن چیز تو اچھی مل جائے گی۔ (۲۷) میں سستی چیزوں کا قائل نہیں ۔ مثل مشہور ہے ''مہنگا روئے ایک بار سستا روئے بار بار''۔

میں یہاں سے تمھارے لئے چاء کا ایک چاندی کا نہایت خوبصورت سِٹ خرید کر لاؤں گا ۔ جسے دیکھ کر تم خوش نہ ہو جاؤ تو میرا ذمہ

ظفر

(نو)

پیاری برکت

شکر ہے کہ ایک سطر مدتوں کے بعد تم نے بھی لکھی۔ اگر چہ اس ایک سطر میں چند لفظ تھے اور یہ لفظ شکایتوں سے بھرے ہوئے تھے۔ لیکن ان شکایتوں سے بھی میرے دور افتادہ دل کو

بوئے محبت آتی تھی۔ اس لئے تمھارا ممنون ہوں۔ اگر ہر ہفتہ الٹا سیدھا ایک خط لکھ دیا کرو تو مجھے اس پردیس میں کتنا سہارا ہوگا۔

اختر کی صحت کی طرف سے سخت پریشان ہوں ۔خدا کے لئے اس کے علاج میں کوتاہی نہ کرو جس قدر خرچ اس پر ہو، ہونے دو۔

۱۲ر دسمبر ۱۹۱۳ء ظفر

(دس)

۱۴/مئی ۱۹۲۴ء

عزیز از جان

تمہارا خط ملا ۔ جملہ حالات سے آگاہی ہوئی۔ چودھری اللہ دتا (۲۸) کے فرزند کے انتقال کا بہت افسوس ہے لیکن اس دنیا میں یہ حادثے ہوتے ہی رہتے ہیں۔ یہاں بھی ایک قیامت خیز حادثہ ہوگیا۔ خان صاحب عبدالغفور خان صاحب کا نوجوان فرزند ۸مئی کو دن کے ۸ بجے عین عالمِ شباب میں بعمر ۲۹ سال اپنے خاندان کو ہمیشہ کے لئے داغِ مفارقت دے گیا۔

مرحوم حمید خان ایک لایق گریجویٹ، ایک کامیاب وکیل، ایک ہردلعزیز میونسپل کمشنر اورسب سے بڑھ کر یہ کہ ایک نہایت ہی خوش اخلاق اور نیک اطوار نوجوان تھا۔ اس کے مرنے کا رنج یہاں کے ہرچھوٹے بڑے کو ہے اور جو صدمہ اس کے ناشاد والد اورتفتہ جگر بی بی کو ہوا ہوگا اس کا اندازہ کچھ وہی لوگ خوب کرسکتے ہیں جن پر ایسی اوراتنی بڑی مصیبت کا پہاڑ (یکا) یک ٹوٹ پڑا ہو۔

مرحوم نے دو اولادیں چھوڑیں ہیں ایک تو ساڑھے چارسال کا بچہ اورایک تین سال کی لڑکی۔

خدا مرحوم کو اپنے جوارِ مغفرت میں جگہ دے اور اس کے پس ماندگان کو صبرِ جمیل بخشے۔

مہر صاحب (۲۹) اسی لحاظ سے ایک موزوں نوٹ ''زمیندار'' کی سب سے قریبی اشاعت میں درج کردیں۔

منصور صاحب (۳۰) کی بڑی عنایت ہے کہ سیر کو جانے کے لئے میری رہائی کا انتظار فرمارہے ہیں۔

فقط

ظفر علی خان

(گیارہ)

۱۴/مئی ۱۹۲۹ء

پیاری برکت

دو ہفتے ہوئے ایک خط تمھیں لکھا تھا۔ اختر نے تمھیں دیا ہوگا۔اب تو میں تمھاری صورت کو ترس گیا ہوں کوئی دن ایسا نہیں جاتا کہ تمھارا پیارا خیال نہ آتا ہو۔ میرا آنا اکتوبر تک ہوگا۔ اس لئے کہ میں اس مرتبہ حج کرنا چاہتا ہوں۔ مقامِ شرم ہے کہ دو دو بار لند ن آؤں اور مکہ مدینہ نہ جاسکوں۔

میں نے تم کو لکھا تھا کہ اپنے رہنے کے لئے شہر سے کسی قدر فاصلہ پر جہاں کی آب وہوا اچھی ہو، جگہ مرطوب نہ ہو ایک کوٹھی کرایہ پر لے لو۔ میرے آتے تک اس کا تمھیں انتظام کررکھنا چاہیے۔ ہمارا موجودہ مکان حقیقت میں بہت ہی تنگ اور مختصر ہے اور ہماری ضروریات اس میں پوری نہیں ہوسکتیں۔

ظفر

(بارہ)

بمبئی

۱۸ستمبر (۱۹۳۸ء.....؟) انجمن اسلامیہ بمبئی

پیاری برکت

میرے منماڑ (۳۱) (؟) سے روانہ ہو کر بمبئی پہنچنے کی خبر تو تم کو اس خط سے معلوم ہو ہی چکی ہوگی جو محفوظ علی نے اختر کے نام بمبئی سے ہمارے یہاں پہنچتے ہی روانہ کیا تھا۔ یہاں آنے کے دوسرے روز مجھے بخار آیا اور ساتھ ہی سخت سر کا درد ہوا۔ میں نے فقط یہ علاج کیا کہ گرم پانی کرا کر اور اس میں نمک ڈلوا کر کئی گلاس بھر بھر کر پیے اور قے کر ڈالی۔ اس سے طبیعیت ہلکی ہوگئی۔ اور دوسرے ہی دن مزاج صاف ہوگیا۔ اب بہ فضلِ خدا اچھا ہوں۔

نصراللہ خان سے ملا اور تمام کیفیت کہہ سنائی۔ باقی دوسری تجویزیں کر رہا ہوں۔ ان شاء اللہ سب معاملہ ٹھیک ہوجائے گا۔ تفصیلی حالات زبانی آ کر کہوں گا۔ ایک ہفتہ کے اندر اندر واپس آؤں گا۔

اختر کو پیار

اختر کو میری طرف سے دعا۔ بہن صاحبہ کو سلام

ظفر

☆☆☆

حوالے اور حواشی

۱۔ دیکھیے مکتوب نمبر ۸ مورخہ ۱۵ر مئی ۱۹۱۳ء از لندن

۲۔ مکتوب بنام مولانا عبدالباری فرنگی محل اور مکتوب بنام آغا شورش کاشمیری در مکاتیب ظفر علی خان مرتبہ زاہد منیر عامر لاہور سنی پبلی کیشنز ۱۹۸۶ء، صص ۱۷۵، ۱۵۷

۳۔ خیالستان مطبوعہ مکتبہ کاروان لاہور، س۔ن

۴۔ آپ بیتی ظفر علی خان مرتبہ محمد عبداللہ قریشی در نقوش آپ بیتی نمبر لاہور ادارۂ فروغ اُردو

۵۔ نظیر حسنین زیدی، مولانا ظفر علی خان احوال و آثار، لاہور، مجلسِ ترقی ادب ۱۹۸۶ء، صص ۳۷۔۳۹

۶۔ ریحانہ خاتون ظفر علی خان کی غیر مطبوعہ تحریریں، مقالہ برائے ایم۔فل اُردو اسلام آباد، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ۱۹۹۲۔۱۹۹۳ء

۷۔ ان تمام مکتوبات میں محفوظ یا محفوظ علی سے ، سید محفوظ علی بدایونی (۸ر مئی ۱۸۷۰ء ۲۰ر اکتوبر ۱۹۴۳ء) مراد ہیں۔

۸۔ یہ خط ۱۹۰۲(؟) میں لکھا گیا اس وقت تک ظفر علی خان کی مندرجہ ذیل کتابیں شائع ہو چکی تھیں: سیر ظلمات (۱۹۰۰ء) جنگل میں منگل (۱۹۰۱ء) اور خیابان فارس (۱۹۰۲ء) لیکن اس زمانے میں جو کتاب زیادہ فروخت ہو رہی تھی وہ کرزن کی کتاب کا ترجمہ خیابانِ فارس تھا۔

۹۔ اورنگ آباد میں ظفر علی خان کے قریبی دوست اور ہم جماعت مولوی عبدالحق

(ہاپوڑ ۱۸۷۰ء۔کراچی ۱۹۶۱ء) کا گھر تھا۔

۱۰۔ بمبئی اس زمانے کا اہم تجارتی اور تہذیبی شہر، ظفر علی خان نے بعدازاں یہاں سے دکن ریویو بھی نکالا۔

۱۱۔ اختر علی خان (م:۱۷/ اکتوبر ۱۹۵۸ء) فرزند مولانا ظفر علی خان آئندہ بھی اختر سے مراد اختر علی خان ہی ہیں۔

۱۲۔ بدایوں، سید محفوظ علی بدایونی کا وطن تھا۔

۱۳۔ مراد ہے ریاست حیدرآباد دکن کے دربار کے حالات، جہاں ظفر علی خان سلکِ ملازمت میں منسلک تھے۔

۱۴۔ ظفر علی خان کے چھوٹے بھائی چودھری غلام حیدر خان مرحوم

۱۵۔ اس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ ظفر علی خان مارچ ۱۹۰۶ء میں بربرہ پہنچے ہوں گے۔

۱۶۔ اس پیراگراف میں ظفر علی خان کی رخصت اور تنخواہ سے متعلق نہایت اہم معلومات ہیں لیکن یہ واضح نہیں کہ وہ کون سی تعلیم اور اس کے اخراجات کا ذکر کررہے ہیں۔ کیونکہ ان کی تعلیم تو ۱۸۹۴ء میں مکمل ہوچکی اور اس کے بعد ان کا کوئی سلسلہ تعلیم ہمارے علم میں نہیں۔

۱۷۔ مراد ہے ظفر علی خان کی کتاب جنگ روس و جاپان جو بربرہ جانے سے قبل شائع ہوچکی تھی۔

۱۸۔ مولانا ظفر علی خان کے چھوٹے بھائی چودھری غلام حیدر خان کی بیوی

۱۹۔ ظفر علی خان کے سب سے چھوٹے بھائی اکبر علی خان جن کی یاد میں انھوں نے ایک دردناک مرثیہ لکھا ر۔ک بہارستان ' لاہور؛ مکتبہ کاروان ۔س۔ن

صفو اکبر علی خان کی بیوی کا نام تھا۔

۲۰۔ یہ خط ۳؍اگست ۱۹۰۶ء کو جہاز پر شیا سے لکھا گیا جس کے ذریعے وہ عدن سے بمبئی کے لیے روانہ ہوئے اور پانچ دن یہیں ٹھہر کر حیدرآباد جانے کا ارادہ رکھتے ہیں گویا یہ ان کی بربرہ سے واپسی کا سفر ہے۔ اگر مارچ ۱۹۰۶ء میں بربرہ جانا مانا جائے تو بربرہ میں ان کا کل قیام پانچ ماہ بنتا ہے۔

۲۱۔ وہ یہیں آ چکے اور بربرہ میں بنائے گئے منصوبوں پر عمل کے پہلے قدم کے طور پر بمبئی سے دکن ریویو جاری ہو چکا جس کے لیٹر پیڈ پر یہ خط لکھا گیا ہے۔

۲۲۔ معلوم نہیں یہ کون صاحب ہیں۔

۲۳۔ یہ ظفر علی خان کا پہلا سفر لندن ہے، جو زمیندار پریس کی ضبطی اور زمیندار کی بندش کے بعد، جب یہ توقع نہیں تھی کہ انھیں گرفتار کر لیا جائے گا، اختیار کیا گیا۔ اس سفر کے دوران میں انھوں نے انگریزی کتابچہ The Indian Press Act لکھا اور پریس ایکٹ کے خلاف مہم چلائی۔

۲۴۔ گویا جس مصیبت سے بچنے کے لیے انھوں نے لندن کا سفر اختیار کیا تھا اس نے وہاں بھی پیچھا نہ چھوڑا۔

۲۵۔ ظفر علی خان کے اس ارادے کا اظہار اس خط سے پہلی بار ہو رہا ہے، اس کے علاوہ ان کی زبان، قلم سے اور کہیں اس ارادہ کا اظہار نہیں ہوا تھا۔ انگریزی اخبار تو وہ نہ نکال سکے البتہ ایک زمانے میں زمیندار کا ایک صفحہ انگریزی میں شائع ہوتا رہا۔

۲۶۔ گویا اب مالی حالات بہتر ہو گئے ہیں۔

۲۷۔ ظفر علی خان کی نئی گاڑی ان کے مخالفین کی طرف سے ان پر بدگمانیوں کا موجب بنی۔ ظفر الملک علوی نے کتاب الاشرار میں لکھا: ''حیدرآباد کی درباداریوں مسخرگیوں اور مطرب ادائیوں

میں اور زندگی کی دیگر دلچسپیوں میں کافی وقت گزر جانے کے باوجود ظفر علی خان نے چند ہی سال میں تراجم کا ایک معقول ذخیرہ فراہم کر دیا، اور یہ کوشش ان کی بہر طور قابل قدر تھی مگر ساتھ ہی ساتھ یہ جذبہ ءفطری بھی اپنے عمل سے غافل نہیں رہا جو اس محنت شاقہ کا محرک اصلی تھا یعنی روپیہ بٹورنے (جمع کرنے کے لیے نہیں بلکہ اسبابِ معیشت کے بآسانی و فراوانی مہیا کرنے کے واسطے) کی کوششیں بھی برابر جاری رہیں۔ خیابان فارس سے اس میں خاص امداد ملی کیونکہ کشور ہندوستان کے گورنر جنرل کی کتاب کوئی معمولی چیز نہ تھی، ہندوستان کی کوئی ریاست بلالحاظ قومیت و مذہب ایسی نہ تھی جس نے اس علمی خدمت کا اعتراف اس کی جلدوں کی کافی تعداد خرید کر کے نہ کیا ہو۔ یہی کتاب مترجم کو فرماں روائے ریاست بھوپال کے دربار تک لے گئی اور بارگاہِ سلطانی سے مالا مال لائی۔ دوسرے سال پھر حاضری ہوئی۔ اب کے ایک پرزور قصیدہ بھی پڑھا گیا جس کے صلے میں ولایت جا کر فن و بلاغت کی تعلیم حاصل کرنے کی خاطر مبلغ دو ہزار روپیہ رئیسہ بھوپال نے عطا فرمائے، ولایت کا سفر تو اس وقت ایک جملہ ءمعترضہ سے زیادہ حقیقت نہیں رکھتا تھا۔ اہل حیدرآباد نے دیکھا ہوگا کہ اس کے بعد ہی ان کی پرانی پالکی گاڑی نئی فٹن میں تبدیل ہوگئی۔ مگر ریاست بھوپال خوش قسمت تھی کہ اس چھاپے کے بعد پھر کبھی ظفر علی خان نے اودہر کا رخ نہیں کیا۔'' (ص ۱۷۔۱۸)

۲۸۔ برکت بیگم کے بہنوئی، کھیتی باڑی کرتے تھے، سیالکوٹ سے ہیڈمرالہ کی طرف معظم آباد نامی گاؤں میں رہتے تھے۔ مولانا ظفر علی خان شکار کے لیے اکثر ان کے ہاں جایا کرتے تھے۔ ۱۹۴۷ء یا ۱۹۴۸ء میں تقسیم کے بعد لاہور میں مولانا ظفر علی خان کے گھر انتقال ہوا۔

۲۹۔ مولانا غلام رسول مہر

۳۰۔ منصور علی خان فرزند اکبر اختر علی خان

۳۱۔ منماڑا کا سفر ۱۹۳۸ء میں کیا گیا جیسا کہ منماڑ میں کہی گئی نظم سے جس پر ۲۲/جون ۱۹۳۸ء کی تاریخ درج ہے۔ دیکھیے: چمنستان ص ۱۸۵ اس پر ذیل کا نوٹ بھی درج ہے ''بمبئی سے مالیگاؤں اور اٹولا اور منماڑ ہوتے ہوئے جب میں بہ قصدِ مراجعت پنجاب ریل پر سوار ہوا تو منماڑ کی طرف منہ کر کے اُسے ان الفاظ میں مخاطب کیا:

کہہ رہا ہے یہ ہر اک ذرہ خاک منماڑ
اے مسلمان اُٹھ اور پرچم دیں ہند میں گاڑ
میں نے مانا کہ بلاؤں نے ہے گھیرا تجھ کو
اور ترے سر پہ معلق ہیں مصیبت کے پہاڑ
دیکھتے دیکھتے افغان کی فطرت بدلی
کانگرس جا کے بنا آئی پٹھانوں کو کراڑ
صدقہء رحمتِ شاہِ دو سرا میں لیکن
آج بھی بند نہیں تجھ پہ عزیمت کے کواڑ
حیدرآباد دکن سے درۂ خیبر تک
شورِ تکبیر مچا اور درِ خیبر کو اُکھاڑ
اے کہ مرحب فگنی تیری روایات میں ہے

مسولینی کو مسل پاؤں میں، ہٹلر کو پچھاڑ
اے کہ توحید کا گس بل ہے ترے بازو میں
کشورِ دیں کو بسا کفر کی نگری کو اُجاڑ
دیکھ کر برہمن و شیخ کو میں کیوں نہ کہوں
ایک یہ ہے کہ لیا اپنی بھی صورت کو بگاڑ
ایک وہ ہے جسے تصویر بنا آتی ہے

منماڑ ۔۲۲۔جون ۱۹۳۸ء



Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 30, Sr.No.76, 2009, pp 31 - 66

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۰، جولائی۔ستمبر ۲۰۰۹ء، شمارہ ۷۶

ابن الرومی، ایک شاعر ایک تاریخ

مسز زریں۔ ایس ریاض ☆

Abstract:

The rich classical Arabic literature has great tradition of poetic excellence. Even before the spread of Islam, the land of Hijaz produced so many extraordinary epics and this tradition was well followed during the Islamic era. Ibn Al Rumi was a famous and renowned poet of Abbasids period. He belonged to a family of Greek origion but his expertise in saying Arabic verses is beyond any doubt. One of his Qasidas contained even more than three hundred verses.

Key words: Arabic poetry, Abbasids period, Ibn Al Rumi

دوسری صدی ہجری کے وسط میں ایک رومی (یونانی) شخص حلقہ بگوش اسلام ہوا جس کا نام غریغورس (۲) یا جورجیس تھا۔ اس نے عبیداللہ بن عیسیٰ بن جعفر بن منصور عباسی کے ہاتھ پر بیعت کی اور بنو عباس کے موالی میں شامل ہو گیا۔ پھر اس کا نام جاج یا جریج ہو گیا یہ جریج اپنے اصلی وطن کی مناسبت سے ''الرومی'' کے نام سے مشہور تھا۔

☆ شعبہ علوم اسلامیہ، سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا۔

جرتیح الرومی کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا تو اس نے اس کا نام عباس رکھا (۲) یہ نام اس خاندان کی مناسبت سے رکھا جس میں وہ بحیثیت غلام داخل ہوا تھا۔ جب عباس جوان ہوگیا تو اس نے ایک ایرانی الاصل عورت سے شادی کر لی جس کا نام حسنہ تھا اس کے دولڑکے پیدا ہوئے۔ جن میں سے ایک کا نام 'محمد' اور دوسرے کا نام 'علی' رکھا گیا۔ یہ علی بعد میں عرب کے فحول الشعراء میں شمار ہوا۔

علی ابن العباس (ابن رومی)(۲) رجب ۲۲۱ھ (مطابق ۲۱ جون ۸۳۶ء کو بروز چہار شنبہ طلوع فجر کے بعد بغداد میں عیسیٰ بن جعفر بن المنصور کے محل کے نزدیک ایک مشہور مقام عقیقہ کے ایک گھر میں پیدا ہوا۔(۳) (عقیقہ کو دربِ ختلیہ بھی کہتے ہیں)

ابن الرومی عبداللہ بن عیسیٰ بن جعفر بن منصور کا غلام تھا اور جعفر منصور کا دوسرا بیٹا تھا جسے نہ تو حکومت و ولایت ملی تھی نہ ہی اس کی اولاد میں سے کسی کو حکومت حاصل ہوئی تھی اسی خاندان میں ابن الرومی نے پرورش پائی۔

ابن الرومی نے بذاتِ خود اپنے رومی الاصل ہونے میں کبھی شک نہیں کیا بلکہ اس نے اپنے دیوان میں مختلف مقامات پر اپنے رومی الاصل ہونے کا ذکر کیا ہے۔ چنانچہ ایک جگہ وہ کہتا ہے۔(۴)

و نحن بنو الیونان قوم لناحجیٰ   ومجد و عید ان صلاب المعاجم

''ہم یونان کے فرزند ہیں ہم لوگ بڑے دانا بزرگی والے اور صبر والے ہیں''

اور یہ شعر (۵)

قد تحسن الروم شعرا   ماأحسنته العریب

اہلِ روم شعر کہنا خوب جانتے ہیں   جیسے اہلِ عرب کہہ سکتے ہیں

پھر کہتا ہے(۶)

آبائی الروم توفیل و توفلس ولم یلدنی ربعی ولا شیث

میرے آباؤ اجداد رومی توفیل اور توفلس تھے ربعی اور شیث سے میں پیدا نہیں ہوا۔

اسی طرح ابن الرومی کا یہ شعر بھی اس کے رومی الاصل ہونے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔(۷)

اذا الشاعر الرومی أطریٰ أمیره فناهیك من مطریٰ و نا هیك من مطر

''جب رومی شاعر اپنے امیر کی تعریف کرتا ہے تو تعریف کرنے والا اور تعریف کیا گیا دونوں تعریف کے مستحق ہوتے ہیں''

ابن الرومی نے تمام زندگی بغداد میں گزاری ۸ وہ اگر کسی دوسرے علاقہ میں جاتا تو بہت کم عرصہ کے لئے اور پھر واپس اپنے شہر میں آ جاتا اس کے دل میں بغداد کے لئے بے انتہا محبت و رغبت تھی۔ جیسا کہ وہ خود ہمیں بتاتا ہے۔

بلد صحبت به الشبیة والصبی و لبست فیه العیش و هو جدید

'' وہ ایک ایسا شہر ہے کہ جس میں مَیں لڑکپن اور جوانی کا ساتھی اور زندگی کا لباس اس وقت پہنتا تھا جبکہ وہ نیا تھا''(۹)

ہمارے پاس یہ باور کرنے کے لئے وجوہات ہیں کہ اس وقت اس کا خاندان متوسط درجہ کی خوشحالی میں بسر اوقات کر رہا تھا۔ اس کی شاعرانہ صلاحیتیں جلدی ہی اجاگر ہوگئی تھیں

ابن الرومی نے سلیمان عبداللہ بن طاہر کے لئے جو قصیدہ لکھا اس میں اپنی وطن پرستی کا یوں ذکر کرتا ہے۔(۱۰)

ولی وطن آلیت ان لا ابیعه وأن لاأریٰ غیری له الدهر مالکا

''میرا بغداد میں ایک جدی مکان ہے جس کے متعلق میں نے قسم کھائی تھی کہ کسی کے ہاتھ نہ بیچوں گا اور نہ کسی دوسرے شخص کے قبضہ میں دوں گا''

اس کی نظموں سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کو عربی و ایرانی تاریخ سے کچھ واقفیت تھی لیکن یہ یقین سے نہیں کہا جا سکتا کہ آیا اس کا علم اپنے زمانے کے عام تعلیم یافتہ طبقہ کے لوگوں کے سرسری علم سے زیادہ تھا یا نہیں وہ بہت سے تاریخی اشخاص، روائتی گھوڑوں اور دیگر جانوروں کا ذکر درمیان میں لاتا ہے۔ مثلاً حاتم، قارون، اور داحس کا ذکر کرتا ہے ان کے علاوہ وہ اوروں کا ذکر بھی کرتا ہے جسے شبیب اور الحجّاف کا ،گھوڑوں میں رخش اور شبدیز جو اس زمانے میں مسوپوٹیمیا میں زیادہ مشہور تھے جب کہ اس نے یہ نظمیں لکھیں'ابن الرومی کے علمِ جغرافیہ کے حوالے طنجہ و افرنجہ تک گھومتے ہیں لیکن ان میں مقامات کے ناموں کا شاذ ہی ذکر ہوتا ہے اور یہ وہ مقامات ہیں جو اپنی مصنوعات کی وجہ سے مشہور تھے ان مقامات میں عرب کے پہاڑوں کی بھی کافی تعداد ہے ۔ ابن الرومی، امری القیس ، النابغہ ذبیانی اور لبید کی شاعری سے واقف ہونے کا اظہار کرتا ہے اور ان میں سے ہر ایک کے ایک دو اشعار کا حوالہ بھی دیتا ہے وہ زہیر، الاخطل ، الفرزدق، جریر، البعیث ، ابونواس اور دعبل کی نظموں کا بھی ذکر کرتا ہے۔

ابن رومی نے اپنے باپ کا ذکر اپنے دیوان میں بہت کم کیا ہے البتہمند رجہ ذیل اشعار میں وہ اپنے ماں باپ کی برتری کا اظہار کرتا ہے۔

كيف أغضى على الدنئية والفرس خوؤلى والروم أعمامى[۱۱]

''میں کس طرح دناءت پر صبر کرسکتا ہوں جبکہ ایرانی میرے ماموں اور رومی میرے چچا ہیں''

چونکہ اس کے دادا کا نام جرتج یا جورجیس ہے جو ایک یونانی نام ہے اس لئے اس کی اصلیت میں کوئی شک نہیں ہوسکتا یہی وجہ ہے کہ ابن الرومی نے بچپن ہی سے اپنے لئے ابن

الرومی عرف پسند کر لیا تھا۔

ابن الرومی آل رسول ﷺ سے بہت محبت کرتا تھا اس نے ان کی مدح میں بے شمار قصائد کہے[۱۲] ابن الرومی نے جو مرثیہ یحیٰ بن عمرو کے لئے لکھا تھا اس میں خاندان علی کی پرزور مدح کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ابن الرومی کو شیعہ کہا جاتا ہے۔ (یحیٰ بن عمرو عباسیوں کے خلاف اٹھا تھا اور انہوں نے اسے قتل کروا دیا تھا) [۱۳] اس امر کے متعلق المعری کی رائے ہے کہ ابن الرومی نے دوسرے شعراء کا اندازِ فکر اختیار کیا تھا۔

وما اراہ الا علیٰ مذھب غیرہٖ من الشعراء و من اولع بالطیرۃ [۱۴]

علاوہ ازیں ابن الرومی کا شیعہ فرقہ کے ساتھ تعلق رکھنے کا اس بات سے بھی پتہ چلتا ہے کہ اس کا میل جول ان کے سرگرم ارکان کے ساتھ خاص طور پر ابو سہل کے ساتھ جس کے متعلق وہ لکھتا ہے کہ میں اس کے ساتھ مذہب کے رشتہ میں منسلک ہوں۔ لیکن اس سب باتوں کے باوجود یہ بھی صحیح ہے کہ ابن الرومی نے المعتضد سے بلا کسی تردد کے کہہ دیا کہ مجھے آل رسول اکرم ﷺ کی میراث حاصل ہے۔ (۱۵)

رجع الملك جديداً كالذى كان فى بدأته حين طَلع

''سلطنت اسی طرح لوٹ آئی ہے جیسے شروع میں تھی''

حالانکہ اس کا یہ بیان شیعہ اندازِ فکر کے خلاف ہے اس کے اس رویہ کی وضاحت میں یہ بھی ممکن مانا جا سکتا ہے کہ اس نے اپنی زندگی کے آخری ایام میں اپنا مذہب تبدیل کر لیا ہو۔ پھر ابن الرومی نے یہ بھی دعویٰ کیا ہے کہ میں ایک کٹر معتزلی ہوں۔

أأرفض الا عتزال رأياً . كلاّ لأنى به ضنينٌ [۱۶]

''کیا میں اعتزال کو ٹھکرا دوں ہرگز نہیں میں تو اس کے بارے میں بڑا بخیل ہوں''

قاضی یوسف کے سامنے لگائے گئے لا مذہبیت کے الزام کے متعلق ہمیں صرف اس کی پیش کردہ صفائی کا پتہ چلتا ہے الزام کی دیگر تفاصیل نہیں ملتیں۔ وہ پرزور الفاظ میں قاضی صاحب سے کہتا ہے۔

یشھدُالله انَّ دینی دین　　　یرتضیهِ شهادةُو مغیبا

لم اعاندبهِ الطریق ولا　　　اضحیٰ لدین المعاندین نسیبا ۱۷؎

''اللہ جانتا ہے کہ میرے مذہبی عقائد، خواہ وہ ظاہری ہوں یا باطنی، وہی ہیں جو اللہ کو پسند ہیں میں نے اپنے عقیدے میں نہ تو صراطِ مستقیم کو چھوڑا ہے اور نہ ہی گمراہیوں کا راستہ اختیار کیا ہے''۔

نسلِ انسانی کے دوسرے افراد کی طرح ایک فنکار بھی اسی زمین پر رہتا ہے کہ وہ اپنی تخلیقی کاوشوں میں دنیا سے کتنا ہی الگ ہونے کی کوشش کرے پھر بھی وہ دنیا ہی کا فرد ہوتا ہے معاشی مشکلات کو انہیں کی طرح سلجھاتا ہے اور اجتماعی نفسیات کا غلام ہوتا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ اپنے ماحول سے کچھ آگے بڑھ کر دیکھ لے لیکن حدودِ زمان و مکان کو توڑ کر روحِ عصر کو ٹھکرا نہیں سکتا۔اس کی کوششوں کو شعوری یا غیر شعوری طور پر اپنے زمانے کے میلانات سے متاثر ہونا پڑتا ہے۔وہ سیاسی جبروت اور معاشی گرفت سے دامن بچا کر نکل نہیں سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ تمام بڑے فنکار اپنی تخلیقی قوتوں کے باوصف اپنے عصری رجحانات میں محصور رہے اگر ایسا نہ کرتے تو ان کی آوازیں مبہم اور ان کے کارنامے مہمل ہو کر مٹ جاتے۔

درحقیقت ہر فن اپنے عہد کی تہذیب و تمدن کی آئینہ داری کے لئے مجبور ہے اور اسی مجبوری کا فیض ہے کہ ہم بعض قدیم عمارات اور پرانے نقوش دیکھ کر اس عہد کی تہذیب کا اندازہ کر لیتے ہیں۔اسی طرح شعر و ادب اپنے عہد کی سماجی زندگی کا ترجمان ہے اور پابند بھی

۔وہ زندگی کے مرکز سے تمام شعبوں پر نظر ڈالتا ہے لیکن نہ اپنے مرکز کو چھوڑ سکتا ہے نہ زندگی کے کسی ایک شعبے میں استغراق بڑھا سکتا ہے۔ الغرض شاعری سماجی روایات سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتی اور شاعر جس ماحول میں پرورش پاتا ہے اور جس تہذیب و تمدن کی گود میں سانس لیتا ہے اس سے اس کا گریز ناممکن ہوتا ہے۔ اس لئے کسی شاعر کی روح کو سمجھنے کے لئے اس عہد کے ماحول کو سمجھنا بہت ضروری ہے۔ عباس محمود عقاد نے تیسری صدی ہجری جو ابن الرومی کا عہد تھا کے بارے میں یوں گوہر افشانی کی ہے۔

كان أحسن الازمان و كان أسواالأزمان كان عصر الحكمة و كان عصرالجهلة كان عهد اليقين والايمان وكان عهد الحيرة والشكوك كان او ان النور و كان أو ان الظلام ء كان ربيع الرجاء و كان زمهريرالقنوط بين أيدينا كل شئ وليس بين ايدينا أى شئ وسبيلنا جميعا الىٰ سماءٍ عليينو سبيلنا جمياً الى قرار الجهيم تلك أيام كأيامنا هذهٖ التى يوصينا الصاحبون من ثقاتها أن نأخذهاعلىٰ علاتها وألاتذكرها الا بصيغة المبالغةفيمااشتملت عليه من طيبات ومن اٰفات ۱۹

جس قدر خلفاء کا زمانہ ابن الرومی نے دیکھا اتنے خلیفہ کسی بھی شاعر کے عہد میں نہیں ہوئے۔ ابن خلکان کی روایت کے مطابق ابن الرومی ۲۲۱ھ میں پیدا ہوا۔ اور ۲۸۳ھ میں وفات پا گیا اور اپنے اس مختصر عرصۂ حیات میں اس نے نو خلفاء کا دور خلافت دیکھا۔ یعنی معتصم ، واثق، متوکل، منتصر، مستعین، معتز، مھتدی، معتمد اور معتضد، مؤخر الذکر شاعر کی وفات کے چھ سال بعد مرا۔(۲۰)

جب ہم ان خلفاء کی زندگیوں پر نظر کرتے ہیں اور ان کی حیات سیاسی کا جائزہ لیتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ ان کا انجام بڑا خراب ہوا۔ مثلاً متوکل قتل کیا گیا۔ مستعین ، معتز اور مھتدی

نے خلع کیا اور اس کے بعد قتل کر دیئے گئے۔ معتمد اور معتضد زہر دے کر مار دیئے گئے جو باقی رہے وہ اپنے تختِ خلافت پر ہی مرے تو ان کا زمانہ بھی فتنہ وفساد اور خارجی بغاوتوں سے خالی نہ تھا اور کسی نے بھی خلافت وحکومت کا صحیح لطف نہیں اٹھایا۔

معتصم نے اپنی آٹھ سالہ مدتِ خلافت اندرونی اور بیرونی مخالف طاقتوں کا قلع قمع کرنے میں صرف کی۔ جس طاقت نے بھی سر اٹھایا اسے کچل کر رکھ دیا عموریہ کی فتح اس کا سب سے بڑا جنگی کارنامہ ہے۔خطیب کا بیان ہے کہ اس نے آٹھ ملک فتح کئے اور آٹھ دشمنوں کو مغلوب کیا۔(۲۱) سیوطی نے لکھا ہے کہ اس کے زمانہ میں آٹھ فرمانروا امیر ہوئے جس کی مثال کسی خلیفہ کے زمانہ میں نہیں ملتی۔ (۲۲)

معتصم نے اپنے بھتیجے عباس بن مامون کی بغاوت کو فرو کیا۔۲۳ عرب سردار معتصم کی ترک نوازی سے بہت برہم ہوگئے تھے۔ جس زمانہ میں معتصم عموریہ کی مہم میں مشغول تھا انہوں نے عباس بن مامون کو بھڑکا کر اس کے خلاف کھڑا کر دیا اور معتصم نے اشناس اور افشین کو قتل کرنے کا تہیہ کر لیا۔ (۲۴) معتصم کو اس کی خبر ہوگئی اور وہ قسطنطنیہ سے واپس آ گیا عباس کو گرفتار کر کے قید کر دیا ور عباس کچھ دنوں کے بعد قید ہی میں مر گیا۔ خلیفہ معتصم کی فوج میں ترکوں کی بھر مار ہوگئی تھی۔ یہاں تک کہ اہل بغداد ان سے تنگ آ گئے تھے۔(۲۵) ترک فوجیوں اور اہل بغداد کے درمیان جھگڑے ہونے لگے تھے۔ ان مخاصمات کے درمیان ابن الرومی پیدا ہوا اگر ابن الرومی بحیثیت شاعر بغداد میں ترکوں کے زمانہ کو پا لیتا تو وہ اس کی ہجو سے بچ نہ سکتے۔ جیسا کہ ''دعبل'' نے ان کی ہجو کی ہے اور وہ کہتا ہے۔

لقد ضاع أمرالناس حيث ليسوسهم

''وصيف'' و ''أشناس'' و قد عظم الخطب (۲۶)

''لوگ برباد ہو گئے جب سے کہ ان پر حکومت کرتے ہیں وصیف و اشناس اور یہ کتنی بڑی مصیبت ہے''

جس زمانہ میں ابن الرومی بچہ تھا ترک لشکری بغداد کی گلیوں میں گھومتے پھرتے تھے اور جب وہ لڑکپن کی عمر کو پہنچا تو خلیفہ معتصم نے ان کو مدینہ سے سامرا منتقل کر دیا'' (۲۷)اور وہ خود بھی وہیں رہنے لگا بعد میں خلیفہ معتصم کو احساس ہوا کہ اس نے ترکوں کو اقتدار دے کر اپنے اوپر اور عباسی خلافت پر ایک بڑا خطرہ مسلط کر لیا ہے۔ ان کا بغداد یا سامرا میں قیام اس کے لئے اور اس کی رعایا دونوں کے لئے باعث تکلیف ہے۔ معتصم نے ایرانیوں اور ترکوں کی خدمت کا موازنہ کیا تو ایرانی بڑھے ہوئے تھے۔ ادھر ایرانیوں اور ترکوں میں اقتدر کے لئے جدوجہد بڑھتی گئی۔ یہاں تک کہ واثق بن معتصم خلیفہ بنا۔ واثق معتصم سے بھی زیادہ ترک نواز تھا اس لیے اس کے خلیفہ ہونے کے بعد ترکوں کو اور زیادہ عروج حاصل ہوا۔

ان کو بڑے بڑے مناصب پر فائز کیا اشناس ترکی کو جواہرات کے ہار پہنائے اور سر پر جواہرات کا تاج رکھ کر نائب السلطنت بنایا واثق پہلا شخص ہے جس نے نیابتِ سلطانی کا عہدہ قائم کیا۔ (۲۸)

جب ابن الرومی نے جوانی میں قدم رکھا تو ادھر ترکوں کا اقتدار جوان ہو گیا۔ ایتاخ ترکی کو اتنی قوت حاصل تھی کہ وہ جس کو چاہتا قتل کر دیتا جس کو چاہتا قید کر دیتا بلکہ ایک بار تو اس نے خلیفہ متوکل کو بھی قتل کرنے کا تہیہ کر لیا تھا۔ (۲۹)مگر متوکل بچ گیا

ایرانیوں اور ترکوں کی سازشیں طول پکڑتی گئیں یہاں تک کہ خلافت و خلیفہ ان کے ان ہتھکنڈوں سے عاجز آ گئے اور آخر کار خلیفہ متوکل نے اپنی خلافت بغداد سے دمشق منتقل کرنے کے بارے میں سوچا۔ تاکہ ترکی عنصر سے فرار حاصل کر کے عربی عنصر کی پناہ لے سکے۔ (۳۰)

متوکل نے اپنی زندگی میں ہی اپنے تین بیٹوں کو ولی عہد بنا کر تمام سلطنت ان میں تقسیم کر دی تھی اور اپنی وفات کے بعد ان تینوں کو اپنی اپنی حدود میں خود مختار قرار دے دیا تھا اور رعایا سے ان کے حق میں بیعت لے لی تھی۔ مگر پھر اس کے بڑے بیٹے محمد منتصر کے ساتھ اس کے تعلقات کشیدہ ہو گئے اور خلیفہ نے اپنے دوسرے بیٹے معتز کو ولی عہد اول قرار دے دیا اس سے رنجش اور بڑھ گئی منتصر نے اپنے باپ کے خلاف ترکوں سے ساز باز کی انہوں نے رات کے وقت شاہی محل میں داخل ہو کر خلیفہ کو موت کی نیند سلا دیا اور خود منتصر خلیفہ بن بیٹھا۔(۳۱)

منتصر کے عہد میں علویوں کو امن ملا۔ ان کی ضبط شدہ جائیدادیں واپس کی گئیں اور شیعانِ علی کو حضرت حسینؓ کے مرقد اور جملہ ال ابی طالب کے مقابر کی زیارت کرنے کی عام اجازت مل گئی۔(۳۲) منتصر ترکوں کے ہاتھوں میں کٹھ پتلی بنا ہوا تھا ان کے کہنے سے اس نے اپنے دونوں بھائیوں معتز اور مؤید کو ولی عہدی سے معزول کر دیا۔۳۳ منتصر کو اس بات کا رنج تھا اور اسے اپنے باپ کے قتل کا بھی دکھ تھا وہ دل سے ترکوں کے خلاف تھا۔ ترکوں کو اس با ت کا علم ہوا تو انہوں نے اس کی بیماری کے درمیان مسموم نشتر سے اس کی فصد کھلوادی اور وہ اس زہر کے اثر سے وفات پا گیا۔منتصر کے بعد ترکوں نے اس کے بیٹے مستعین کو خلیفہ بنا یا ادھر اہل بغداد ترکوں کے مظالم سے تنگ آ کر بغاوت کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے مستعین گھبرا کر بغداد بھاگ گیا۔ ترک اسے سامرالانے کی کوشش کرتے رہے۔وہ نہ مانا تو انہوں نے اسے معزول کر کے دوسرے بیٹے معتز کو خلیفہ بنا لیا۔معتز کو ترکوں کی بدولت خلافت ملی تھی۔لیکن معتز کے دل میں سابقہ رنجش تھی اس لئے اس کا دل صاف نہ تھا۔ اس نے تخت نشینی کے بعد بغاو وصیف اور دیگر ترک افسروں کے نام دفتر سے خارج کر دیئے۔ ترکوں کی جانب سے

اطمینان حاصل ہوا تھا کہ معلوم ہوا موید موالی سے ساز باز کرنے لگا اس لئے معتز نے مؤید اور اس کے بھائی ابو احمد کو قید کر کے ان سے ولی عہدی سے دست برداری کا اقرار لے لیا مؤید قید ہی میں مر گیا۔ پھر اس نے مستعین کو بھی مروا ڈالا۔

معتز کو معزول کر کے ترکوں نے واثق کے بیٹے مھتدی کو تاج وتخت سونپ دیا۔(۳۴) مھتدی بڑا عاقل و مدبر و عاقبت اندیش خلیفہ تھا اس نے چاہا کہ ترکوں کے اقتدار سے جو نظام میں ابتری پھیل گئی ہے اس کی اصلاح کی جائے مگر امراء کی ذاتی اغراض کے باعث اس کی تمام کوششیں رائگاں گئیں۔ مھتدی بھی ترکوں کے استبداد کا شکار رہا تخت سے اتار کر بے دردی سے قتل کر دیا گیا۔ مھتدی کی معزولی کے بعد معتمد خلیفہ بنا جو اس وقت قید میں تھا۔ معتمد محض نام کا خلیفہ تھا چھوٹے بڑے کسی معاملےء میں بھی اس کا حکم نہ چلتا تھا۔(۳۵) معتمد کے زمانہ میں ملک کی حالت اور بھی ابتر ہوگئی ۔ گوشہ گوشہ میں شورش اور ہنگامہ غرض مغرب سے مشرق تک کوئی گوشہ طوائف الملوکی سے خالی نہ تھا۔(۳۶)

معتمد کے عہد خلافت میں ۲۶۰ھ بڑا اہم ہے اس سن میں کئی ایک اہم واقعات رونما ہوئے ۔ اولاً ماوراء النھر میں سامانی خاندان کی ابتداہوئی۔ دوسرے شیعہ امامیہ کے گیارھویں امام ابو محمد حسن عسکری نے سامرا میں وفات پائی۔ ان کے خوردسال بیٹے محمد مہدی اپنے والد کی تلاش میں ایک سراب میں غائب ہو گئے ان پر ائمہ دوازدہ کا سلسلہ ختم ہو گیا ، تیسرے اسماعیلیہ کی دعوت کی ابتداء ہوئی جس سے بعد میں قرامطہ فرقہ پیدا ہوا۔ معتمد کے آخری سال یعنی ۲۷۹ھ میں دولت عباسیہ کا دارالحکومت سامرا سے دوبارہ دارلسلام بغداد منتقل ہوا۔ (۳۷)

خلیفہ معتمد نے ۲۷۹ھ میں وفات پائی اس کے بعد موفق کے بیٹے معتضد باللہ خلیفہ

مقرر ہوا۔ وہ ترکوں کا کھلونا نہیں بنا بلکہ اس نے تمام سرکش امراء کو زیر کر کے اور مخالف قوتوں کا قلع قمع کر کے عباسی حکومت میں از سرِ نو جان ڈالدی۔ (۳۸)

جس زمانہ میں خلیفہ معتضد حکومت کے ان جھگڑوں اور جنگوں میں الجھا ہوا تھا اور عباسی خلافت دورِانحطاط میں داخل ہو چکی تھی ابن الرومی کا انتقال ہو گیا۔ ابن الرومی کی وفات ۲۸۳ھ میں ہوئی یعنی معتضد کی حکومت کے چار سال بعد۔

ابن الرومی کی پوری زندگی کسی نہ کسی امیر ووزیر خلیفہ اور حاکم وغیرہ کی مدح یا ہجو کرتے گزری کسی سے خوش ہوا تو مدحیہ قصائد کہہ دیئے اور خفگی کی صورت میں ہجو کہنے میں ذرا بھی پس و پیش نہ کرتا اسی لئے اس کے بے شمار متعلقین اور ممدوحین ہیں۔ آل طاہر بھی انہیں میں سے ہیں۔ آل طاہر جو عباسیوں کے دور میں نیم خود مختار تھے انہوں نے بغداد اور اس کے مضافات پر حکومت کرنے کا حق موروثی بنا لیا تھا اس کے علاوہ ان کی حکومت صوبہ خراسان اور مشرقی حصہ میں خلافت کے دیگر زیر فرمان علاقوں پر تھی۔ طاہری خاندان کا ایک شخص محمد بن عبداللہ بن طاہر تھا جس کو اس کے بھائی نے جو خراسان کا گورنر تھا بغداد کا گورنر مقرر کیا تھا۔ اس وقت ابن الرومی سولہ سال کا تھا اپنے سربراہ کی وفات کے بعد بھی جو کہ ۲۴۸ھ میں ہوئی وہ اس عہدے پر قائم رہا لیکن اب وہ براہِ راست خلیفہ کے ماتحت ہو گیا تھا اسی وجہ سے اب وہ اس قابل ہو گیا تھا کہ بغداد سے وصول کی ہوئی سالانہ باج کی رقم جو کہ ۱۳۰۰۰،۰۰۰ درہم تھی (ایک کروڑ، تیس لاکھ درہم) خود اپنے اوپر خرچ کر سکے۔ اس سے قبل اس کو یہ رقم نیشاپور بھیجنی پڑتی تھی۔(۳۹) جہاں خراسان کا گورنر رہتا تھا جس کے ماتحت وہ خود تھا پس طاہریوں میں سب سے پہلا وہ گورنر تھا جس کا تعلق ابن الرومی سے رہا ہو اور جس کے ساتھ ابن الرومی کے تعلقات اگر ہمیشہ نہیں تو کسی خاص عرصہ کے لئے انتہائی گہرے رہے ہوں علاوہ ازیں محمد بن

عبداللہ بن طاہر ایک شائستہ آدمی تھا شاعر بھی تھا اور اس کا گھرانہ عالم و فاضل لوگوں کی آماجگاہ تھا۔۴۰ کچھ قصیدے ایسے ہیں جن میں نہایت گھٹیا اور تحقیر آمیز طعنے دیئے ہیں۔ ابن الرومی نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ سلیمان بن عبداللہ نے المعتز کو برباد کیا تھا اس کے برعکس یہ امر ناممکن معلوم ہوتا ہے کہ سلیمان کا کوئی تعلق خلیفہ کی موت سے رہا ہو جس کو ترک فوج نے سامرا میں قتل کر دیا تھا۔ ابن الرومی کے ایک قصیدہ میں زنگیوں کے بصرہ پر قبضہ کا ذکر ہے۔ اس سے اس وقت کی اسلامی دنیا کے دلی اضطراب کی کیفیت کا اظہار ہوتا ہے جو مسلمانوں کے ایک عظیم ترین شہر کی بے حرمتی سے پیدا ہوا۔

یہ تو معلوم نہیں کہ سلیمان بن عبداللہ کتنا عرصہ بغداد کا گورنر رہا لیکن ۲۵۹ھ میں اس کی جگہ عبید اللہ بن عبداللہ نے لے لی۔ کیونکہ اس سال صفاریوں کے بعد نیشاپور میں یعقوب بن لیث داخل ہوا تھا ور اس نے طاہری گورنر کو قید کر لیا تھا۔(۴۱) اور اس طرح طاہری حکومت کا خاتمہ کر دیا تھا اور خلیفہ نے عبیداللہ کی گورنری کی تصدیق کر دی تھی۔

ابن الرومی نے عبیداللہ کے لئے بے شمار قصائد کہے ایک بارہ وہ اس کی چالیسویں سالگرہ پر کہتا ہے

لی أربعون من السنین وأربعون من الولد (۴۲)

''میں چالیس سال کا ہوں اور میرے چالیس بیٹے ہیں''

ملك لا یریٰ اللهیٰ تستحق الوسائلا حسب راجیه لدیه انه جاء سائلا (۴۳)

'' وہ ایک ایسا بادشاہ ہے جو اس بات کا خیال نہیں کرتا کہ تحفوں کے مستحق وہ لوگ ہوتے ہیں جو فن کا مظاہرہ کرتے ہیں بلکہ اس کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ کوئی اس سے توقعات پیش کر کے آئے اور مانگے''

دوسرے قصیدہ میں بھی تقریباً اسی زور شور کے ساتھ وہ اس کی کشادہ دلی کے گن گاتا ہے ۔ تیسرا قصیدہ خاص طور پر ایک عرض داشت سے متعلق ہے جس میں ابن الرومی بیان کرتا ہے۔ (۴۴)

ولی وطن آلیت أن لا أبیعه وأن لا أریٰ غیری له الدهر ما لکا

عهدت به شرخ الشباب و نعمة کنعمة قوم أصبحوا فی ظلالکا (۴۵)

''میرا بغداد میں ایک جدی مکان ہے جس کے متعلق میں نے قسم کھائی تھی کہ نہ تو کسی کے ہاتھ بیچوں گا اور نہ اسے کسی دوسرے شخص کے قبضہ میں دیکھوں گا کیونکہ میں اس مکان سے اپنی جوانی کے عروج کے زمانہ سے مانوس ہوں''

ابن الرومی اپنی بے شمار چھوٹی نظموں میں سلیمان کا مذاق اڑاتا ہے اور تقریباً ان سب میں لڑائیوں میں اس کی شکست کا ہی ذکر کرتا ہے وہ سلیمان کا مذاق اڑاتے ہوئے کہتا ہے۔

''هو الأسد الورد فی قصرہٖ ولکنه ثعلب المعرکة (۴۶)

''وہ اپنے گھر میں بھورا شیر ہے لیکن لڑائی میں لومڑی بن جاتا ہے''

ابن الرومی نے اپنی زندگی کا ایک کثیر حصہ سامرا میں گزارا اگرچہ اس رہائش کے دوران اس نے بغداد سے اپنا رشتہ مکمل طور پر منقطع نہیں کیا تھا۔

سامرا کا شہر جہاں پر دربارِ خلافت تھا اور جہاں حکام کی ایک کثیر تعداد اکٹھی ہوگئی تھی ایک شاعر کے لئے بغداد کی نسبت زیادہ امید افزا مقام تھا بڑے بڑے افسروں میں اور خصوصاً وزراء اور حکومت کے مختلف شعبوں کے ناظموں سے اس کو کشادہ دل سرپرست ملنے کی توقع ہوگئی تھی۔

ابن الرومی کی نظموں میں ترکی اور دوسرے فوجی افسروں میں سے کسی ایک کے لئے

ایک بھی قصیدہ نہیں ملتا، اور نہ ہی ان میں سے کسی کی طرف وہ اشارہ کرتا ہے ماسوائے چند سر سری اشاروں کے جن کا ذکر ضمناً آ گیا ہو تاہم ابن الرومی باوجود ان کی غیر فصیح زبان کے ترکوں کی جرأت مندی اور ان کی فوجی صلاحیتوں کی وجہ سے ان کا مداح تھا(۴۷) اور اس نے ان کی ان خوبیوں کی تعریف کرتے ہوئے ایک چھوٹا سا قصیدہ لکھا تھا۔

ترى شبه الا سادفيهم مبيناً ولكنهم ادهى دهاءً وانكر (۴۸)

ان میں شیروں جیسے خواص ہیں مگر وہ بڑے سیاست والے ہیں

اپنے دورانِ حکومت کے اکثر حصہ میں المعتمد ہمیشہ برائے نام خلیفہ رہا ورنہ حکومت دراصل اسکے بھائی الموفق کے ہاتھوں میں رہی(۴۹) الموفق نے حالات پر بڑی جدوجہد کے بعد قابو پایا تھا۔ امور سلطنت یقیناً مکمل طور پر اسی کے ہاتھ میں ہوں گے جس کی وجہ سے وہ اس قابل ہو گیا کہ بطور خود ایک وزیر کا تقرر کر سکے۔ ۲۶۵ھ میں اس نے صاعد بن مخلد کو اس مرتبہ (وزارت) تک بڑھا دیا تھا لیکن در اصل یہ صرف سیکرٹری کا عہدہ تھا اس سے قبل بھی صاعد بڑے عہدے پر رہ چکا تھا وہ اک عیسائی تھا اس نے اسلام اپنی آخری ترقی کے موقع پر قبول کیا تھا اس کے بھائیوں میں سے ایک بھائی جس کا نام الحسن بن مخلد تھا(۵۰) مختلف اوقات میں المعتمد کا وزیر رہ چکا تھا اس کا ایک اور بھائی عابدون بن مخلد تھا جو ہمیشہ عیسائیت پر قائم رہا وہ بھی بہت با اثر آدمی تھا اور سرکاری عہدیدار تھا صاعد کا بیٹا علاء بھی ایک اہم سرکاری عہدیدار تھا۔ صاعد کے خاندان کا پہلا فرد جس کے پاس ابن الرومی گیا تھا وہ العلاء ہی معلوم ہوتا ہے۔ اس کی شان میں ایک طویل قصیدہ ابن الرومی کے دیوان میں محفوظ ہے۔اس میں ایک ایسے شخص کے جذبات کی طرف اشارہ ہے کہ جس کی عمر چالیس سال سے متجاوز ہو گئی ہو۔ اپنی اس تخلیق کے متعلق وہ بیان کرتا ہے کہ یہ بہترین شاعری کا نمونہ ہے۔

کفیٰ المرء وعظاً اربعون تفارطت ولو لم یغطه شیبه المتنارط [۵۱]

''انسان کے لئے چالیس سال کی عمر بہترین واعظ ہے اگرچہ ابھی اس کے بال سفید نہ ہوئے ہوں''

ابن الرومی نے العلاء کے ذریعہ اس کے باپ تک رسائی حاصل کی وہ العلاء کے پہلے مدحیہ قصیدہ میں صاعد کو بھی شامل کر لیتا ہے اور اس میں مضحکہ خیز حد تک آگے بڑھ جاتا ہے۔

وکل مدیح لم یکن فی ابن صاعد ولا فی أبیه صاعد فهو حابط

''ہر وہ مدح جو ابن صاعد (العلاء) یا اس کے باپ صاعد کے لئے نہیں ہے فضول ہے''

ایک اور با اثر ایرانی خاندان جس کے ساتھ اس زمانہ میں ابن الرومی کے تعلقات تھے اور شاید ابتداً اسی وقت قائم بھی ہوئے تھے وہ بنی نو بخت تھے جو نعمانیہ میں آباد تھے۔ جس کے نواح میں عباسی خلیفہ دوم نے کچھ زمین ان کو اس بات کے انعام کے طور پر عطا کی تھی کہ انہون نے اس وقت اس کے حق میں ایک حوصلہ افزا پیشن گوئی کی تھی جب کہ اس کے مقدر کے ستارے مدھم پڑھ چکے تھے۔[۵۲] تیسری صدی ہجری کے اواخر میں اس خاندان کا سربراہ ابوسھل (اسماعیل بن علی) تھا یہ ایک عالم آدمی تھا اور ایک ممتاز ماہرِ الہیات و مصنف تھا کہا جاتا ہے کہ خلفاء کے دفاتر میں اس کا عہدہ وزارت کے بعد تھا۔ ابوسہل شیعوں کے پیشواؤں میں ممتاز حیثیت کا مالک تھا اثنیٰ عشرہ فرقہ کی بنیاد ڈالنے والا بھی اسی کو سمجھنا چاہیے وہ کہتا تھا کہ بارہویں امام روپوش ہیں اور اپنے باردگری منظر عام پر آنے تک روپوش رہیں گے۔(۵۳) ابن الرومی کا طویل ترین قصیدہ اس کے ابوسہل کے قریب آنے کا اولین موقع فرض کیا جا سکتا ہے۔ اس قصیدے میں ابن الرومی اقرار کرتا ہے کہ نعمانیہ میں میں ابوسہل کی شخصیت میں ایک

کرم فرما سے ملوں گا اور وہاں اس کے سائے تلے آرام سے رہوں گا۔ایک قصیدے میں وہ شکایت کرتا ہے اور کہتا ہے

لا یرانی أهلاً لملك الظهاری ولا موضع العطایا الرغاب ۵۴

'' تو مجھے ان اچھی چیزوں کے قابل بھی نہیں سمجھتا جو کہ گھٹیا اور نا کارہ لوگوں کے تصرف میں ہوتی ہیں''

ایک جگہ وہ ابوسہل پر الزام لگاتا ہے کہ وہ اس کی طرف سے پھر گیا ہے اور وظیفہ بند کر دیا ہے۔ ابن الرومی نے چند قصائد ابوسہل کے بھائی محمد بن علی کو بھی خطاب کرتے ہوئے کئے ہیں۔ان میں سے ایک میں اس سے ایک تحفے کا تقاضا کیا ہے جب کہ وہ نعمانیہ کا گورنر تھا۔

طلبت کساءً منك اذا انت عامل علیٰ قریة النعمان تعطیٰ الرغائبا ۵۵

'' میں نے آپ سے ایک خلعت کی طلب کی تھی جب کہ آپ نعمان کے گورنر تھے اور خوب دادو دہش کیا کرتے تھے''

ابن الرومی کے عبداللہ الناشی کے ساتھ بھی دوستانہ مراسم تھے جو کہ ابوسہل کا شاگرد تھا اور عطاری کا کام کیا کرتا تھا۔ ابن الرومی زندگی کے آخری ایام میں الناشی کی دکان پر مستقلاً بیٹھا کرتا تھا۔(۵۶)

ابن الرومی کے چند قصیدے خود الموفق کو بھی خطاب کر کے لکھے گئے ہیں لیکن یہ امر کہیں ظاہر نہیں ہوتا کہ وہ کسی بھی زمانے میں اس شہزادے سے قریبی طور پر متفق رہا ہو۔

ایک قصیدہ جو ایک رسمی سی ثنائیہ نظم اور جو ۲۷۰ھ میں الموفق کے ہاتھوں زنگیوں کی شکست کے بعد لکھی گئی۔جس کا پہلا شعر یہ ہے۔

شغل المحب عن الرسوم وان غدت مثل الوشوم

'' عاشق محبوبہ کے آثارِ دیار سے غافل ہو گئے اگرچہ وہ آثارِ دیار گودنے کے نشانات

کی طرح ہو گئے ہیں''

اس میں الموفق کے کارناموں کی کوئی تفصیل نہیں ہے۔ ایک تیسرا قصیدہ ہے جس میں کسی ایسے واقعہ کا بیان ہے جس کا مؤرخین نے کوئی ذکر نہیں کیا۔ اس میں الموفق کو قسم دی گئی ہے کہ وہ اپنے آدمی ولی کو چھوڑ نہ دے ورنہ وہ خلیفہ کے دوسرے پیروؤں کو اس کے بعد ہمیشہ کے لئے بدخواہ بنا لے گا۔ ابن الرومی کہتا ہے۔

فمن مبلغ عنی موفق هاشم　　قریع بنی العباس ذالمجدو الفخر

''کون میری طرف سے موفق ہاشم کو یہ پیغام پہنچائے گا جو بنو عباس کا صاحبِ مجد و فخر کا سردار ہے''

دوسرے قصیدوں میں (بھی) الموفق کیلئے اور بھی بہت سے واقعاتی اشارات ہیں ان میں سے ایک میں اس کے زنگیوں کے ساتھ جنگ کے طریق کار کے متعلق کچھ مفید تفصیلات ہیں۔ دوسرے قصیدوں میں اس کے ہاتھوں کی گئی بعض عہدوں کی تقسیم کا ذکر ہے جیسے ایک شخص ابو الفوارس کا ذکر جسے کوئی عہدہ سونپا گیا تھا۔

لا بدع ان ضحك القتير　　فبكالضحكته الكبير [۵۷]

''اس میں کوئی اچنبھے کی بات نہیں کہ مفلس خوشی سے ہنسا اس کی ہنسی پر ایک بہت بڑا آدمی رویا''

الموفق کی موت کے ایک سال بعد اس کے بیٹے اور جانشین ابو العباس نے المعتمد کے بیٹے کو علیحدہ کر دیا اور اپنے وارثِ تخت و تاج ہونے کا اعلان کر دیا۔ المعتمد کے مرنے کے بعد ابوالعباس خود خلیفہ بن گیا اور المعتضد کا لقب اختیار کر لیا تھا اب عبیداللہ بن سلیمان بن وہب، ابن بلبل کی جگہ وزیر بنا۔

اس زمانے میں جن لوگوں سے ابن الرومی کا تعلق تھا ان میں سے ایک احمد بن محمد الطائی تھا یہ وہ ہستی تھی جس کو ۲۶۹ھ میں کوفہ کا گورنر مقرر کیا گیا تھا اور اس نے یہ عہدہ دوسرے بہت سے اختیارات کے اضافہ کے ساتھ اس وقت تک سنبھالے رکھا جب وہ ۲۷۵ھ میں گرفتار ہوا ۵۸ الطائی پر جلد ہی نوازشات بحال ہوگئی ہوں گی کیونکہ المعتضد کی حکومت کے آغاز کے وقت وہ بغداد کے نزدیکی چند اضلاح کو زیر کاشت لا رہا تھا جس کے بدلے میں وہ خزانہ کو روزانہ رقم خطیر ادا کرتا تھا۔۵۹ وہ بے ایمانی سے قرامطہ تحریک کی حمایت کرتا تھا یہ ایسے کہ وہ قرمطی مذہب اختیار کرنے والوں سے ان کے وجود کو برداشت کرنے کے صلے میں رقمیں اینٹھتا تھا۔(۶۰) ابن الرومی نے جو پہلا تعریفی قصیدہ الطائی کے لئے لکھا وہ ایک طویل قصیدہ ہے۔ اس سے قبل ابن الرومی نے ایک قصیدہ اس کے خلاف لکھا تھا وہ اس لئے کہ اس نے ایک اہل کار کے بیٹے کو اس وقت بطور یرغمال پکڑ لیا تھا جب کہ اسے اس بات کا خطرہ تھا کہ اس پر ابن بلبل کی وزارت کے زمانے میں حملہ نہ ہو جائے۔ یہ واقعہ ۲۷۳ھ یا اس کے قریبی دور کا ہے اس کے بعد غالبًا المعتضد کی حکومت کے زمانہ میں الطائی نے ابن الرومی کا وظیفہ مقرر کرنے کا وعدہ کر لیا ہوگا۔

ابن الرومی کے دیوان میں خود المعتضد پر کوئی بیس قصائد ہیں ان میں سے کوئی بھی طویل نہیں ہے۔ ان میں سے بیشتر مبارک بادی قصائد ہیں جو المعتضد کو مختلف موقعوں پر پیش کی گئی تھیں۔ ایک المعتضد کی ۲۸۲ھ میں طولونی شہزادی قطر الندیٰ کے ساتھ شادی ہونے کے موقعہ پر لکھا گیا۔ ایک المعتضد کی تخت نشینی ،جشن عید الفطر وغیرہ پر لکھے گئے۔ ایک مرثیہ والدہ کی وفات پر لکھا۔

ابن الرومی کے عباسی خاندان کے دو اور افراد کے ساتھ بھی دوستانہ مراسم تھے ان

میں سے ایک تو عبدالملک بن صالح تھا ابن الرومی اس کے لئے اپنی پر خلوص محبت کا اقرار کرتا ہے۔ اور کہتا ہے۔

فعلی قدر ذاك اسأل حاجا تی و امتاحها بغیر احتشام

''میں اس سے جو بھی چاہتا ہوں بغیر کسی شرم کے مانگ سکتا ہوں''

ایک اور جگہ اقرار کرتا ہے

اذا ما نباعنی الوزیر و انتم عتادی فلم من رجاکم من تحرما

''اگر وزیر میرے کام نہ آئے اور عبدالمالک تو میری حمایت پر قائم رہے تو میں سمجھوں گا کہ کچھ نہیں بگڑا''

ایک اور عباسی شخص تھا جس کا نام عیسیٰ ابن موسیٰ ابن التوکل تھا ابن الرومی نے اپنے تین چار قصیدوں میں اس کی طمع کا مذاق اڑایا ہے(۶۲)

یقتر عیسیٰ علی نفسهٖ ولیس بباق ولا خالدٖ

فلو یستطیع لتقتیرهٖ تنفس من منخر واحدٖ

عذر ناه أیام أعدایهٖ فما عذرذی بخل واجدٖ

رضیت لتفریق أموالهٖ یدی وارثٖ لیس بالحامدٖ

''عیسیٰ باعتبارِ ذات ایک کمینہ شخص ہے اس کو نہ بقا ہے نہ دوام''

''وہ اتنا کمینہ ہے کہ اگر اس کے بس میں ہوتا تو وہ ایک ہی نتھنے سے سانس لیتا''

''اگر اس کے پاس کچھ نہ ہوتا تو ہم اس کو معذور سمجھتے مگر ایک دولتمند بخیل کے پاس کیا عذر ہے''

''مجھے اس کی دولت کے بکھر جانے کی خوشی ہے اس کے وارثوں کے ہاتھوں جو اس

کی تعریف کرنے والے نہیں''(۶۲)

ابن بلبل کی معزولی کے بعد ابن الرومی کے مربیٔ خاص بنی وہب تھے۔ یہ خاندان ابتداً واسط سے تعلق رکھتا تھا یہ لوگ امویوں کے زمانہ سے حکومت کی ملازمت میں چلے آرہے تھے اور حکومت کے لیے ڈیڑھ سوسال سے زیادہ کی مسلسل خدمات کا دعویٰ کر سکتے تھے۔۶۳ اس خاندان کے افراد جن کا ذکر ابن الرومی اپنے قصائد میں کرتا ہے وہ سلیمان بن وہب اس کے تین بیٹے احمد، وہب اور عبیداللہ اور عبیداللہ کے دو بیٹے الحسن اور القاسم ہیں۔

سلیمان کے تین بیٹوں میں سے ایک احمد شاعر و مصنف تھا وہ سرکاری ملازمت میں بڑے بڑے عہدوں پر فائز رہا اور ۲۸۵ھ میں مر گیا۔۶۴ اس کا دوسرا بیٹا وہب ۲۶۰ھ میں سرکاری ملازم تھا اور ۲۸۰ھ کے لگ بھگ بھی وہ بقید حیات ہی تھا۔سلیمان کے تیسرے بیٹے عبیداللہ بن سلیمان کو جلد ہی اہم سرکاری ملازمت مل گئی تھی وہ ترکی سردار موسیٰ بن بغا کا سیکرٹری تھا۔ بعد ازاں وہ الموفق کا سیکرٹری بنا۔

عبیداللہ کے بیٹے الحسن کو بھی بہت سے سرکاری عہدوں پر مقرر کیا گیا وہ ایک عالم آدمی تھا اس نے اقلیدس کی شرح لکھی تھی ۲۸۴ھ میں اس کا انتقال ہوگیا۔۶۵ اس کا دوسرا بیٹا القاسم بھی سرکاری ملازم تھا وہ بڑا تند مزاج اور ظالم تھا اس سے بہت سے قہر انگیز جرائم سرزد ہوئے تھے ان میں سے ایک جرم احمد بن الطیب کا قتل بھی تھا۔ نیز عمرو بن لیث کا قتل یہ سب اس کی مجرمانہ ذہنیت کی مثالیں ہیں وہ تیس سال کی عمر میں ۲۹۱ھ میں مر گیا۔(۶۶)

ابن الرومی نے بہت سے قصیدے پورے وہب خاندان کو مخاطب کر کے لکھے ہیں۔ جن میں ان کی مدح وتعریف ہے لیکن کہیں کہیں شکایت بھی ہے۔

مضت سنون أراعی نجم دولتکم فیها واعتدها قسمی من الدول

''میں کئی سال سے آپ کے ستارۂ سعادت کی طرف آنکھیں لگائے ہوئے تھا اور اسے اپنی سعادت کا سبب سمجھتا تھا''

ایک جگہ وہب خاندان کی تعریف کرتے ہوئے کہتا ہے

وھب یا واھب الھبات اللواتی قصرت دونھا الھبات الرغاب ۶۷

''اے وہب! دادودہش کرنے والے جس کے عطیات کے سامنے بڑے بڑے عطیات ہیچ ہیں''

عبیداللہ کے بیٹے الحسن کے لیے ابن الرومی نے جو قصیدے لکھے ہیں ان کی تعداد ان قصائد سے کم ہے جو دوسرے بیٹے القاسم کے لیے لکھے۔ عبیداللہ کا چھوٹا بیٹا القاسم ابن الرومی کا خاص مربّی تھا۔ چودہ سال کی عمر میں ہی القاسم کو اہم فرائض سونپے جانے لگے تھے۔ ابن الرومی کہتا ہے

فتیً لم یزل مذعدعشراو اربعا لکل جلیل مرتضیٰ اومربضا ۶۸

''وہ ایک ایسا نوجوان ہے کہ چودہ سال کی عمر میں وہ بڑے کام کا اہل ثابت ہوا''

یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ ۲۷۸ھ میں وھب خاندان کے دوبارہ برسرِ اقتدار آنے سے پہلے ہی القاسم نے ابن الرومی کا وظیفہ مقرر کر دیا تھا مگر جب وہ برسرِ اقتدار آیا تو اسے بھلا دیا۔

بنی وھب کی بحالی کے بعد بھی القاسم نے ابن الرومی کا وہ وظیفہ جو اس نے پہلے خود مقرر کیا تھا دوبارہ جاری کرنے سے گریز کیا اور یہ امر بھی ثابت ہے کہ ۲۷۸ھ کے موسمِ خزاں میں جب کہ بنی وھب دوبارہ برسرِ اقتدار آئے ہی تھے تو القاسم ابن الرومی کے ساتھ بہت بدسلوکی سے پیش آیا تھا۔ (۶۹) وہ القاسم سے کہتا ہے

أأحییتنی بالأمس ثم تمیتنی برفضی و اقصائی و حقی أن أدنی

''کل تک مجھے زندگی بخشنے کے بعد کیا آج تم مجھ سے نفرت کر کے اور اپنے سے دور رکھ کے موت کے گھاٹ اتاردو گے اس حالت میں کہ میں فی الحقیقت قریب لائے جانے کا مستحق ہوں''

أذوالہٖفاستخد مونی لآلتی بقوتی، أولا فارز قونی مع الزمنی ۷۰

''اگر تو مجھے کسی قابل سمجھتا ہے تو مجھے میری روزی مہیا کرنے کے لئے میری قابلیت کے مطابق مجھے کوئی کام دے اور اگر مجھے اس قابل نہیں سمجھتا تو مجھے بحیثیت ایک ناکارہ انسان گزارہ دے جو بوڑھا ہو گیا ہے''

ابن الرومی اگرچہ تیسری صدی ہجری کے نہایت بلند پایہ شعراء میں سے تھا جس کے شعر کی خصوصیتیں تعجب انگیز طور پر زمانۂ حال کے مذاق کے مطابق ہیں تاہم سوئے اتفاق وہ شہرت نہ پا سکا جس کا وہ حقدار ہے۔ ابن رشیق قیروانی کو جو ابن الرومی کی طرح خود بھی رومی الاصل تھا اس شاعر کے حالات سے بہت دلچسپی تھی۔(۷۱) وہ لکھتا ہے۔

''وأما ابن الرومی فاولی الناس باسم شاعر لکثرة اختراعه و حسن افتنانه'' (۷۲)

اور پھر ایک جگہ اس کے بارے میں یوں کہتا ہے:

''واکثر المولدین اختراعاً و تولیداً فیما یقول الحذاق ابو تمام و ابن الرومی'' (۷۳)

اور پھر ابن الرومی ہی کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے۔

''منهم من یوثر المعنی علی اللفظ فیطلب صحته ولا یبالی حیث وقع من هجنة اللفظ وقبحه و خشونته کابن الرومی و ابی الطیب(المتنبی) و من

شاکلهم۔۔۔ وأکثر الناس علیٰ تفضیل اللفظ علی المعنی" (۷۴)

سمعانی نے ابن الرومی کی نسبت لکھا ہے:۔

"احد الشعراء المکثرین المجددین فی الغزل و المدائح والهجاءِ والاوصافِ والتشبیهاتِ و کان محسناً روی عنه جماعة کثیرة من أهل الادب (۷۵)

اسی طرح ابن خلکان بھی اس کی تعریف میں رطب اللسان ہے۔

" صاحب النظم العجیب والتولید الغریب، یغوص علی المعانی النادرة فیستخرجها من مکانها و یبرز ها فی أحسنِ صورةٍ ولا یترك المعنی حتیٰ یستوفیه الیٰ آخره ولا یبقیٰ فیه بقیة، وله القصاید المطولة المقاطیع البدیعة وله فی الهجاءِ کلّ شئٍ طریق وکذالك فی المدیح" ۷۶

ابن الرومی کے کلام میں شاعری کی ہر وہ صنف موجود ہے جو اس کے زمانہ کے عرب شعراء کے علم میں تھی۔ قصیدہ چونکہ اس کا خاص ذریعہ آمدنی تھا اس لئے اس کے کلام میں قصائد کو نمایاں مقام حاصل ہے۔ قصائد اس کے کلام میں بدرجہ اتم موجود ہیں۔ ۷۷ بعض اوقات اس کی باقاعدہ مرتب مدائح انتہائی طویل ہوتی ہیں۔ اس کے طویل ترین مدحیہ قصیدے میں قریباً تین سو اشعار ہیں۔ ایسے قصیدوں کی تعداد بہت زیادہ نہیں ہے۔

ابن الرومی کی مدح عموماً خوشامد پر مشتمل ہوتی تھی جس میں مبالغہ آمیز تعریف ہوتی تھی، اور وہ اپنے مربیوں کے ساتھ ایسے اوصاف منسوب کر دیتا تھا جن کے وہ فی الحقیقت حامل نہ ہوتے تھے تاہم بعض حالات میں اگر وہ کچھ خاص خوبیوں کے مالک ہوتے یا انہوں نے واقعی کسی قسم کے کارنامے انجام دیئے ہوتے تو وہ ان کا خاص طور پر واضح الفاظ میں ذکر کرتا

ہے وہ اپنے عدم خلوص کی پردہ پوشی کا قائل نہیں اس ضمن میں کہتا ہے۔

يقولون ما لا تفعلون مسبّة من الله مسبوب بها الشعراء

وما ذاك فيهم وحده بل زيادة يقولون ما لا يفعل الامراء

''اللہ تعالیٰ نے شعراء سے اس بات پر اظہارِ ناراضگی کیا ہے کہ وہ جو کچھ کہتے ہیں کرتے نہیں لیکن اس معاملے میں صرف شعراء ہی خطا وار نہیں بلکہ وہ تو وہی کہتے ہیں جو شاہوں کو کرنا چاہیے مگر کرتے نہیں''

ایک اور موقع پر اپنی صفائی پیش کرتے ہوئے اس نے کہا ہے کہ:

لو لا عبيد الله قدت ولم أخف رهق الجناح

يا مادح القوم اللئام و طالباً نيل السّحاح

''میں تو اپنے مربی اور مہربان دوست عبیداللہ کی وجہ سے خاموش ہوں ورنہ حقیقت یہ ہے کہ ہم گھٹیا قسم کے لوگوں کی مدح کرتے ہیں اور بخیلوں سے انعام کی توقع رکھتے ہیں''

ابن الرومی کے قصائد کا اختتام اکثر استدعا پر ہوتا ہے جس میں زیادہ تر ممدوح کی عدم توجہی کے متعلق شکایات بھی شامل ہوتی ہیں۔

ہجو ابن الرومی کی قلم رومانی جاتی ہے اور یہی وہ میدان ہے جس کا وہ شاہسوار ہے اس کے بے شمار ہجویہ قصیدے ہیں جو سینکڑوں اشعار پہ مشتمل ہیں اس کے ہجویہ اشعار کی کل تعداد اتنی ہے کہ مدحیہ اشعار کے بعد ان کا ہی نمبر آتا ہے ابن الرومی کی ہجو دو قسم کی ہے ایک وہ جس میں اس کے حملے درمیانہ درجہ کے ہوتے ہیں اور دوسری وہ جہاں وہ حد سے بڑھ جاتا ہے۔ ۷۸ مثلاً ایک جگہ وہ کہتا ہے کہ'' ابو فراس اتنا کنجوس ہے کہ وہ نہ صرف اپنے مہمانوں سے فاقے کراتا ہے بلکہ اپنے بخل کی وجہ سے ان کو ان کا اجر بھی دلانا نہیں چاہتا۔(۷۹)

بخیل یصوم اضیافه فیبخل عنهم أجر الصیام

''وہ بخیل ہے اپنے مہمانوں کو روزے رکھاتا ہے اور روزوں کا اجر بھی نہیں دلانا چاہتا''

ابن الرومی کا عام طریق کار یہ معلوم ہوتا ہے کہ پہلے تو وہ اپنے ممدوح کو اپنا قصیدہ پڑھ کر سناتا اور بعد میں اسے اس قصیدے کی ایک نقل دے دیتا ہے پھر یہ بھی دیکھنے میں آیا کہ کبھی کبھی وہ نفع کی امید پر بلا اجازت بھی لوگوں کو اپنے قصائد کی نقول بھیج دیتا تھا بعض ایسے بھی ہوتے تھے جونقول قبول کرنے سے انکار کردیتے تھے کیونکہ وہ اسے کوئی انعام نہ دینا چاہتے تھے۔ ان میں سے ایک قصیدہ ابراہیم ابن المدبر کے بارے میں ہے جس میں ابن الرومی یوں کہتا ہے:

اردد علی قراطیسی ممزقة کیما تکون رؤوساً للدساتیج [۸۰]

''میرے پھٹے ہوئے اوراق واپس کردو تا کہ وہ ردی کے کام ہی آ جائیں''

ابن الرومی کی زبان شستہ ہے اور اس کا ذخیرۂ الفاظ وسیع ، اس کا اندازِ بیاں بھی عام طور پر مشکل نہیں ہوتا اس کی عربی بھی زیادہ تر ایسی ہی ہے جس قسم کی آج کل کے عربی ادب میں مستعمل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کے کلام کا ایک کثیر حصہ اب بھی بلا تردد تعلیم یافتہ عربی بولنے والوں کی سمجھ میں آجاتا ہے۔ اس امر کے ثبوت کے طور پر اس کی نظموں کے وہ طویل اقتباسات پیش کئے جا سکتے ہیں جن کی اشاعت کامل گیلانی اور عقاد نے کی اور جنہیں بہت کم ضرورت پیش آئی کہ پڑھنے والوں کی سہولت کے لئے اپنی طرف سے بطورِ تشریح کچھ اضافے کر دیں اس کے ساتھ ہی ابن الرومی کی کچھ نظمیں ایسی بھی ہیں جن کا سمجھنا خود اس کے دورِ حیات میں بھی مشکل تھا۔ اس کا ثبوت اس امر سے ملتا ہے کہ اس نے اپنی بعض نظموں کے لئے

مفید تشریحات بھیجنے کی ضرورت محسوس کی۔ یہ تشریحات عبیداللہ بن عبداللہ، علی بن یحییٰ اور ابن بلبل جیسے ماہر استادوں کو بھیجی گئی تھیں۔ اس نے یہ بھی سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ فی الواقع اس کی یہ تشریحات مذکورہ ماہرین کے لئے نہ تھی بلکہ یہ ان لوگوں کے استفادہ کے لئے تھیں جو نا مانوس الفاظ کے معانی سے لاعلم تھے۔ اگر چہ ابن الرومی عادتاً غیر معروف اور نئے الفاظ کا استعمال نہیں کرتا مگر پھر بھی اس کے کلام میں ایک کثیر تعداد ایسے الفاظ کی موجود ہے جو لغت میں نہیں ملتے یہ الفاظ اسم اور فعل دونوں صورتوں میں پائے جاتے ہیں۔ اس نے چند فارسی الفاظ بھی استعمال کئے ہیں جو شاید دمِ تحریر بغداد کی عربی کا حصہ بن چکے تھے۔(۸۱)

ایک بڑا شاعر زندگی کے بارے میں اپنا ایک الگ نظریۂ فکر رکھتا ہے وہ جس طور پر زندگی کو دیکھتا ہے اسی نہج کو اپنا لیتا ہے اور اس مخصوص اندازِ خیال کی بدولت اس کو متعدد دوسرے شعراء پر فوقیت حاصل ہو جاتی ہے۔ ایک بلند پایہ شاعر کا کلام ہر شے پر محیط ہوتا ہے دنیا کی ہر چھوٹی بڑی چیز اس کے اشعار میں منضبط ہو جاتی ہے اس کے دل کی آواز، ضمیر کی پکار ماحول کا اثر سب ہی کچھ اشعار میں ڈھل جاتا ہے کیونکہ وہ بجائے ہموار راہوں پر سفر کرنے کے نئے راستے استوار کرتا ہے اس طرح سے وہ اپنے کلام میں جدت پیدا کر دیتا ہے اس کا شعور عام سطح سے بلند ہوتا ہے اسی لئے وہ اپنے شعر کو بآسانی ہر ڈگر پر ڈال سکتا ہے اگر کوئی اس کلام سے مستفید ہو تو ایسا معلوم ہوگا کہ اس میں ایک دنیا سمو کر رکھ دی گئی ہے۔ کہ اس سے بہتر تعبیر نہیں ہو سکتی۔ ایک بہترین شاعر عام شاعر کی طرح دنیا کی وسعت کے سبب شعر گوئی سے عاجز نہیں آ جاتا بلکہ وہ اپنے فن میں نئی راہیں کھولتا اور فہم وادراک کو کام میں لا کر نئے نئے آثار چھوڑتا ہے۔ (۸۲)

بڑے بڑے شعراء بعض اوقات دنیا کو مرقع حسن و جمال بنا کر پیش کرتے ہیں تو ایک

سیر گاہ، عبادت خانہ یا جنگ و جدل کا میدان یا راہ گزر یا فرحت و انبساط کا سر چشمہ دکھاتے ہیں یا پھر دنیا کو اس کے اصلی روپ میں پیش کرتے ہیں۔لیکن اگر آپ کسی شاعر کا کلام پڑھیں اور پھر آپ کو اپنے آپ سے یہ سوال کرنے کی ضرورت ہو کہ دنیا کیا ہے اور آپ کے پاس اس کا جواب نہ ہو تو وہ شاعر خواہ کتنا ہی اچھا ہو مگر بڑا شاعر نہیں ہو سکتا۔(۸۳)

ایک بڑے شاعر کے لئے ساری دنیا کے بارے میں جاننا ضروری ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ یہ واقفیت عام واقفیت سے کم و بیش مختلف ہو اور اسی چیز کو فلسفۂ شاعر کا نام دیتے ہیں اس ضمن میں ہم مفکرین کی بیان کردہ تشریح سے انحراف نہیں کر سکتے۔

اس موضوع کو زیر بحث لاتے ہوئے ہم غور کریں تو معلوم ہو گا کہ ابن الرومی کی ذات کو اگر چہ فلسفہ سے گہرا تعلق نہ تھا لیکن ابن الرومی متضاد طبیعت کا مالک تھا جس کی کہ ایک فلسفی کو ضرورت ہوتی ہے کیونکہ فلسفی پہلے ہر چیز کی تجدید کرتا ہے تا کہ اپنی فکری آنکھ سے فوارق و جزئیات سے بلند ہو کر غور کر سکے مگر ابن الرومی پہلے ہر شئے کو ایک جسم عطا کرتا ہے اور پھر اس کو مختلف شاخوں انوار و اشکال اور خطوط و حرکات میں منقسم کر کے دیکھتا ہے۔(۸۴)

بسا اوقات پڑھنے والا ابن الرومی کے وسوسوں، اوھام اور اسرار وغیرہ سے گھبرا کر اس کو اہل باطن میں سے خیال کرنے لگتا ہے جو دنیا کو روحانی نظر سے دیکھتے ہیں اس کی یہ خوبی اس کو ماہر فلسفیوں کے نزدیک لے آتی ہے۔ ماہر فلسفی اہل باطن کی طرح اس دنیا کو نہایت گہرائی سے دیکھتے ہیں اور وہ باطن کو ظاہر پر ترجیح دیتے ہیں ان کے نزدیک ظاہر محض ایک وہم اور جھوٹ ہے کہ جس کا کوئی وجود نہیں سوائے گمراہ کن فریب کے، اس کے برعکس ابن الرومی ایک چیز کا ہلکا سا خاکہ پیش کر کے اس کے اسرار و رموز کا ظاہری لباس پہنائے گا اور اس طرح وہ ایک پوشیدہ عالم کو عالم مجسم و محسوس کی طرح بیان کرے گا۔ اہل باطن ظواہر کی

نفی کر کے اسرار کو ثابت کرتے ہیں اور ابن الرومی اسرار و رموز کی نفی کے بعد ظاہر کو ثابت کرتا ہے۔

ابن الرومی کا احساس اس کے بڑھاپے اور جوانی میں یکساں طور پر جدید رہا ہے اس کی پوری زندگی ہمیشہ بچوں کی سی گزری ہے وہ سدا اپنے دوستوں کو ایک نئی خوشی اور ایک نئے خوف کی نظر سے دیکھتا رہا ہے اس کی طفولیت ابدی تھی لیکن بیماریوں اور غم و الم کی وجہ سے کچھ ڈری ڈری سی ہے کہ اس دنیا میں ہر بھڑکانے والے حادثے کی طرف تیز احساس کے ساتھ دیکھتی ہے۔ اس کی طفولیت سالوں کے گزرنے پر بھی بڑھتی ہی چلی گئی اور لہو و لعب ہی میں منہمک رہی مٹھائی کے شوق اور مار کے خوف کے نیچے دبی رہی۔ اس کی پوری شاعری میں صرف ایک بات پائیں گے جو ایک بڑے بچے کی گفتگو کے مشابہ ہے جو گو بڑوں سے زیادہ معاملات کو سمجھتا ہے مگر وہ محسوس بچوں کی طرح ہی کرتا ہے۔ (۸۵)

وہ نہ صرف صبر و جدائی کا ذکر کرتا ہے بلکہ اس کے کلام میں زہد و تقویٰ عفت و پاکبازی کا بھی ذکر ہوتا ہے دانائی و نصیحت کی باتیں اور نیت و عقیدہ کی باتیں بھی کرتا ہے غرض یہ ہر صنفِ سخن کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتا ہے اس کے کلام میں خباثت و ریا نہیں ہوتی۔ وہ خوشی و مسرت کی کیفیتوں کے بیان کرنے میں بہار و خزاں کے ذکر میں عجلت کرتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کے کلام میں پند و نصائح جمع ہو کر رہ جاتی ہیں کسی نئی خوشی پر بڑے معصوم بچے کی طرح اس کا چہرہ کھل اٹھتا ہے اور کبھی وہ نئے الم کو پا کر چیخ اٹھتا ہے اس کے کلام پر فلسفیانہ انداز سابقہ طرزِ فکر اور قدیم احساس کی بدولت عاری نہیں ہوتا بلکہ یہ اس کے اپنے ذہن کی اپج ہے۔

اس فلسفے کو ''اپیکورین'' Epecurian فلسفہ کا نام دیا جاتا ہے یعنی لذت و فرحت کی

جستجو کرنا اور رنج و الم سے فرار حاصل کرنے کی کوشش کرنا اگر اس بچے کو جو مٹھائیوں کا شائق اور مار سے خائف ہو اپیکورین خیال کیا جاتا ہے تو ابن الرومی بھی اپیکورین گروہ سے جدا نہیں ہے۔ لیکن اپیکورین فلسفہ مسرتوں اور غموں میں جدتِ احساس کا نام نہیں ہے بلکہ یہ تو بگڑے ہوئے احساس اور بڑھاپے کی بدولت ہے کہ کبھی تو یہ دونوں چیزیں انسان کو طمانیت بخشتی ہیں تو وہ خوش ہو جاتا ہے۔ لیکن جب وہ ان سے عاجز آجاتا ہے اور فرار کی خواہش کرتا ہے تو مشتعل ہو جاتا ہے اور انہی کے خلاف زہر اگلنے لگتا ہے۔ ابونواس کی شاعری بھی اسی کی مظہر ہے کبھی رنج و الم کا تکلیف دہ روپ دھارتی ہے تو کبھی مسرت و انبساط کی سرسبز چراگاہ بن جاتی ہے یہی اصل اپیکورین فلسفہ ہے اور وہ اپیکورین ہی تھا جو لذتوں کا طلب گار اور الم سے کنارہ کش ہوتا ہے۔(۸۶)

لیکن ابن الرومی اس لئے کبھی غمزدہ ہوتا تھا اور کبھی مسرور کہ اس کی زندگی خوشی و غم کا مجموعہ تھی یہ ضروری نہیں کہ وہ ان کو محسوس بھی کرتا ہو اور نہ ایسے احساس کے لئے یہ ضروری ہے کہ اس میں کچھ غم اور کچھ خوشی ہو نہ ہم اس کو احساس سے بالکل خارج کر سکتے ہیں اور نہ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ اپنی مرضی سے لذتوں کو اختیار کرتا تھا اور اپنی خواہش سے غموں سے بچتا تھا کیونکہ بہتی ہوئی نہر نہ تو صفائی کر سکتی ہے اور نہ گدلے پن سے بچ سکتی ہے کبھی وہ صاف ہوتی ہے کبھی مکدر کیونکہ وہ بہتے ہوئے پانی کی مانند تھا یعنی اس کی شاعری ایک بہتا ہوا دریا ہے جو کبھی مصفا ہے تو کبھی مکدر۔

ابن الرومی پر نہ بڑھاپے کا عالم طاری ہوا اور نہ اپیکورین فلسفہ کا اثر چڑھا بلکہ یہ تو ابدی طفولیت تھی جو اس کے احساس پر چھائی ہوئی تھی۔

یہ ابدی طفولیت غم و خوشی کے بارے میں جدید احساس کی مالک ہے اور یہ احساس

فقدانِ شباب کے بعد اور بھی دوام پا گیا ہے اسے زندگی پر خوشیوں کا شدید لالچ رہا یعنی وہ مسرتوں کے پیچھے بھاگتا رہا اور مسرتیں اس سے دور بھاگتی رہیں اس کے نزدیک زندگی کی اصلی خوشی عالم شباب تھا اور وہ اس وقت تک مطمئن نہ ہوسکتا تھا جب تک کہ جوانی اور جوانی کی امنگیں از سرِ نو لوٹ نہ آئیں۔ وہ کہتا ہے۔

لو یدوم الشباب مدة عمری لم تدم لی بشاشة الأوطار

کل شئ له ثناه وحد کل شئ یجری الیٰ المقدار ۸۷

''اگر جوانی مدت العمر باقی رہتی تو بشاشت باقی نہ رہتی،

ہر چیز کی ایک انتہا اور حد ہوتی ہے چیز کی تکمیل ایک مقدار پر ہو جاتی ہیاسی لئے وہ زندگی بھر قانع نہ ہوسکا اور خوب سے خوب تر کی تلاش میں لگا رہا۔

☆☆☆

حواشی وحوالہ جات

(۱) The Arabic Literature. Huart. P.82

(۱) مسعودی مروج الذہب، ۸/۲۳۰

یاقوت حموی، معجم الادباء، ۱۸/۱۱۴، مطبعہ سلفیہ مصر

(۳) ابن خلدون، ۲:۴۹۹، دار المعارف مصر

(۴) محمد عبد الغنی حسن، ابن الرومی، ص۲۰، دار المعارف مصر، ۱۹۵۵ء

(۵) کامل گیلانی، دیوان، ص:۲۸۵، مطبعہ التوفیق الادبیہ ۱۹۲۴ء

(۶) عمر فروخ ابن الرومی، ص:۹، مکتبہ منیمنہ بیروت ۱۹۴۹ء

(۷) عباس محمود عقاد، ابن الرومی، ص:۸۰، شرکۃ مساھمہ مصریہ مصر ۱۹۳۸ء

(۸) احمد الاسکندری، الوسیط، ص۔۲۶۸، مصر ۱۴۵۱ء

(۹) کامل گیلانی، دیوان، ص:۷۵

(۱۰) عباس محمود العقاد ابن الرومی، ص۔۱۵۷

(۱۱) شوقی ضیف، الفن واتجاھہ فی شعر الحدیث، ص:۲۲۰، دار المعارف، مصر ۱۹۴۰ء

(۱۲) احمد الامینی ''الغدیر'' ۳/۳۰، طبعۃ نجف تہران، ۱۹۳۶ء

(۱۳) انیس مقدسی، ''امراء الشعر العربی فی العصر العباسی'' ص:۲۷۳، دار العلم بیروت، ۱۹۲۶ء

(۱۴) ''رسالۃ الغفران'' ۲/۸۱، المصری، دار المعارف مصر

(۱۵) Life and Works of Ibn-er-Rumi, P.48

(۱۶) کامل گیلانی ،الدیوان،ص:۹۲

(۱۷) عقاد،ابن الرومی،ص:۲۱۱

(۱۸) عباس محمود عقادد، ابن الرومی،ص:۱۰

(۱۹) ابن طباطبا، الفخری فی الادب السلطانیہ،ص:۲۳۰، دارالمعارف،مصر۱۹۲۴ء

(۱۲) خطیب بغدادی، تاریخ بغداد،۲/۳۴۳،بدار محافظ مصر، ۱۹۳۱ء

(۲۲) جلال الدین سیوطی ،تاریخ الخلفاء،ص:۳۴۲،نفیس اکیڈمی کراچی،۱۹۸۳ء

(۲۳) ابن جریر، تاریخ ظہری،۱۰/۳۰۴ ، مطبعہ بریل لیڈن، ۱۸۸۵ء

(۲۴) ابن اثیر، الکامل، ۶/۱۳۶ ، ادارہ طباعۃ المنیر یہ مصر

(۲۵) مسعودی، مروج الذہب،۷/۱۳۹

(۲۶) عبدالغنی حسن، ابن الرومی،ص۶ ، دارالمعارف مصر، ۱۹۵۵ء

(۲۷) سیوطی، تاریخ الخلفاء،ص:۱۴۲

(۲۸) سیوطی، تاریخ الخلفاء،ص:۳۴۶، لاہور،۱۹۷۰ء

(۲۹) عبدالغنی حسن، ابن الرومی،ص:۶ (بحوالہ تاریخ طبری)

(۳۹) احمد امین، ظہر الاسلام، ۱/۱۰ ،قاہرہ، ۱۹۴۶ء

(۳۱) ابن طباطبا، الفخری فی الاداب السلطانیہ،ص:۲۱۶

(۳۲) مسعودی، مروج الذہب ، ۷/۳۰۳، مطبعہ سعادۃ مصر، ۱۹۴۸ء

(۳۳) ابن جریر، تاریخ طبری،۱۲/ ۱۴۸۸، مطبعہ سلفیہ مصر

(۳۴) مسعودی، مروج الذہب ۷/۳۹۹

(۳۵) ابن اثیر، الکامل، ۲۰/۱۳۱

(۳۶) ابن خلدون، تاریخ ابن خلدون، ۳/۳۳۹

(۳۷) معین الدین، تاریخ اسلام، ص:۳۴۱، ناشران قران لمیٹڈ اردو بازار لاہور

(۳۸) جلال الدین سیوطی، تاریخ الخلفاء، ص:۲۴۷

(۳۹) حمزہ اصفہانی، تاریخ سنی ملوک الارض والانبیاء، ص:۶۷، دارمکتبہ الحیاۃ بیروت

(۴۰) خطیب بغدادی تاریخ بغداد، ص:۴۹۳۲، بدار محافظ، مصر ۱۹۳۱ء

(۴۱) A literary History of the Arabs. Nicholson.P.265

(۴۲) کامل، 'الدیوان' ص:۲۳۶

(۴۳) Life and works of Ibn-er-Rumi,P.78. British, London, 1944.

(۴۴) ابن الجوزی، المنتظم، ۵/۱۶۷، دائرہ معارف حیدر آباد دکن

(۴۵) عقاد، ابن الرومی، :۱۵۷

(۴۶) کامل، 'الدیوان' ص:۳۴۱

(۴۷) تاریخ طبری، ۳/۱۵۴۴

(۴۸) Life and works of Ibn-er-Rumi,P.80

(۴۹) ابن اثیر، الکامل، ۲/۱۳۱

(۵۰) ۔ایضاً۔

(۵۱) مرزبانی، معجم الشعراء، ص:۴۵، مطبعہ سلفیہ مصر

(۵۲) تاریخ طبری، ۳/۳۱۷۸، مطبعہ سلفیہ مصر

(۵۳) ابن ندیم الفہرست:۱۷۶، مطبعہ رحمانیہ مصر

(۵۴) کامل گیلانی، دیوان،ص: ۱۲۱

(۵۵) کامل گیلانی، دیوان،ص:۱۸۱

(۵۶) یاقوت حموی،معجم الادباء، ۵/۳۳۵، مطبعہ سلفیہ مصر

(۵۷) کامل،الدیوان ،ص:۲۸۰

(۵۸) تاریخ طبری،۳/۲۱۱۴

(۵۹) الھلال،ص:۱۱

(۶۰) تاریخ طبری،۳/۲۱۲۷

(۶۱) خطیب بغدادی،تاریخ بغداد،۱۲/۲۵

(۶۲) کامل،'الدیوان' ص: ۳۷۵، احمد امین،ظہر الاسلام،۱/۶۷

(۶۳) ابن خلکان،دفیات الاعیان، ۱/۲۰۶، دار صادر، بیروت،۱۹۷۲ء

(۶۴) یاقوت،معجم الادباء ، ۱/۱۳۶

(۶۵) یاقوت،معجم الادباء،۲/۴۱۷

(۶۶) ابن خلکان، وفیات الاعیان،۱/۲۵۲

(۶۷) عباس محمود عقاد، ابن الرومی،ص:۱۵۶

(۶۸) Life and Works of Ibn-ur-Rumi.P.104

(۶۹) الحصری،زہر الآداب، ۲/۱۷۱،طبع عیسی حلبی،۱۹۵۳ء

(۷۰) محمد عبدالغنی حسن، ابن الرومی،ص:۶۷

(۷۱) ابن رشیق، کتاب العمدہ،۲/۱۹

(۷۲) ابن رشیق، کتاب العمدہ، ۱۹۴/۲، قاہرہ ۱۹۳۴ء

(۷۳) ابن رشیق، کتاب العمدہ، ۱۷۷/۱

(۷۴) ابن رشیق، کتاب العمدہ، ۸۲/۱

(۷۵) السمعانی، کتاب الانساب، ص:۲۶۳۸، گب میموریل، ۱۹۱۲ء

(۷۶) دفیات الاعیان، ۲۵۱/۱

(۷۷) مرزبانی، معجم الشعراء، ص:۲۸۹

(۷۸) عبدالغنی حسن، ابن الرومی، ص:۵۰

(۷۹) عمر فروخ، ابن الرومی، ص:۳۵

(۸۰) Life and work of Ibn-er-Rumi,P.126

(۸۱) اجی عثمان عمرو بن الجاحظ، البیان والتبین، ۱۳۱/۱، مطبعہ رحمانیہ مصر، ۱۹۲۸ء

(۸۲) عقاد، ابن الرومی، ص:۳۰۳

(۸۳) عقاد، ابن الرومی، ص:۳۰۴

(۸۴) مناھل الادب العربی مختارات ابن الرومی، مکتبہ صادر بیروت ۱۹۵۲ء

(۸۵) عقاد، ابن الرومی، ص: ۳۰۵

(۸۶) عمر فروخ، تاریخ الفکر العربی، ص:۱۷۸، منشورات المکتب التجاری بیروت ۱۹۵۹ء

(۸۷) کامل، ''الدیوان'' ص: ۳۸۵

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 30, Sr.No.76, 2009, pp 67 - 80

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۰، جولائی۔ستمبر ۲۰۰۹ء، شمارہ ۷۶

اہم علمی و ادبی فارسی ویب سائٹس

ڈاکٹر سیّد محمد فرید☆

Abstract:

Time is like an ever flowing water and takes away everything coming to its way. Man has made some unbelievable progress during the past two decades. Computer brought revolutionary changes and the internet made the process complete in all respects. Now the magic mirror is no more a fantasy or mythology but a hard fact and a proven reality. Literally the world is at the finger tips and the knowledge is at the distance of your desire. In this article, some important educational and literary Persian websites have been itroduced for the benefit of both students and scholars.

Key words: Modern research methodology, Internet, Persian websites.

گذشتہ پندرہ بیس برسوں میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں حیرت انگیز انقلابات رونما ہو چکے ہیں۔ ذرائعِ مواصلات ناقابلِ یقین حد تک ترقی کر گئے ہیں اور ان کی بدولت کرۂ ارض سمٹ کر Global Village کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ فارسی، اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

انٹرنیٹ اکیسویں صدی کا سب سے بڑا اور سب سے اہم ذریعۂ اطلاعات و مواصلات ہے جس کے بے شمار فوائد ہیں۔ انٹرنیٹ کا ایک شعبہ ویب سائٹس ہیں جو کسی بھی موضوع کے بارے میں علم و آگاہی کے حصول کا جدید ترین اور آسان ترین ذریعہ ہیں۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق ، دنیا بھر میں تقریباً ۴۸۰ ملین لوگ ویب کے صفحات سے استفادہ کرتے ہیں۔ یہ استفادہ تعلیمی و تحقیقی بھی ہے اور تفریحی بھی ، اور اس میں روز بروز اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ طلبہ اور محققین کی بڑی تعداد ویب سائٹس کی طرف رجوع کر رہی ہے۔ علمی و تحقیقی مقالات میں منابع کے طور پر ویب سائٹس سے استفادے کی روایت کا پوری دنیا میں آغاز ہو چکا ہے۔ یورپ اور امریکہ میں چونکہ امکانات زیادہ ہیں، اس لیے وہاں استعمال کی شرح بھی زیادہ ہے۔ ترقی یافتہ ممالک کے نامور محققین ،صحافی اور دانشور اپنی تحریروں میں اہم ویب سائٹس کے حوالے دیتے ہیں اور اب تو ترقی پذیر ممالک کے بیشتر اہلِ قلم کے ہاں بھی یہی صورتِ حال دیکھنے میں آتی ہے۔ البتہ یہ بات واضح ہے کہ اہم اور مستند ہونے کے حوالے سے جس طرح کتابوں کی درجہ بندی ہوتی ہے ، اِسی طرح ویب سائٹس میں بھی معیاری اور غیر معیاری کا فرق موجود ہے۔ تحقیقی میدان میں جس طرح ہر کتاب حوالہ جاتی اہمیت کی حامل نہیں ہوتی ، اِسی طرح ہر ویب سائٹ بھی اس قابل نہیں ہوتی کہ اسے بطور حوالہ استعمال کیا جائے۔ طلبہ اور محققین اپنے موضوع سے متعلق ویب سائٹس کا جائزہ لے کر ان کا مقام اور معیار مُتعیّن کر سکتے ہیں۔

فارسی زبان و ادب اور ایران شناسی کے بہت سے شعبوں سے متعلق کئی مفید ویب سائٹس بھی موجود ہیں جو زیادہ تر ایرانی ہیں۔ ہمارے طلبہ اور اہل تحقیق ان سے زیادہ آگاہ نہیں ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ فارسی کی علمی، ادبی اور ثقافتی ویب سائٹس کے بارے میں اُردو

میں موجود مواد نہ ہونے کے برابر ہے۔ یہ مقالہ جو اس وقت آپ کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے، اِس موضوع پر اُردو میں پہلا با قاعدہ مضمون ہے۔ اس میں کوشش کی گئی ہے کہ فارسی علم و ادب کی چند بہتر، مستند اور مفید ویب سائٹس کا تعارف کرایا جائے تا کہ عام شائقین، طلبہ، اساتذہ اور محققین ان سے علمی استفادہ کر سکیں۔

فارسی کی وہ ویب سائٹس جو علمی، ادبی اور ثقافتی مطالعات کے لیے مفید ثابت ہو سکتی ہیں، عام طور پر تین طرح کی ہیں:

۱۔ مختلف علمی، تدریسی، تحقیقی، ثقافتی اور اشاعتی اداروں کی ویب سائٹس۔

۲۔ مختلف علمی، ادبی، تحقیقی اور ثقافتی موضوعات کی ویب سائٹس۔

۳۔ مشاہیرِ علم و ادب و ثقافت کی ویب سائٹس۔

مختلف علمی، تدریسی، تحقیقی، ثقافتی اور اشاعتی اداروں کی ویب سائٹس کے حوالے سے یہ ذہن نشین رکھنا چاہیے کہ ایران کی تقریباً تمام یونیورسٹیوں، علمی و تحقیقی مراکز، عجائب گھروں، ثقافتی اداروں اور پبلشروں کی اپنی ویب سائٹس موجود ہیں۔ اس سلسلے میں خانۂ فرہنگِ ایران لاہور نے ۲۰۰۵ء میں تیرہ صفحات پر مشتمل ایک کتابچہ شائع کیا ہے جس کا نام ہے: ''اسلامی جمہوریہ ایران کے ثقافتی، تعلیمی اور ادبی مراکز کی ویب سائٹس''۔ اس کتابچے میں پندرہ ثقافتی مراکز (ص: ۲۔۳)، گیارہ اخبارات (ص: ۴)، فنون لطیفہ کے چھ مراکز (ص:۵) اڑتیس یونیورسٹیوں اور کالجوں (ص: ۶ ۔ ۹)، ٹیلی ویژن، ریڈیو اور فلم سے متعلق دس اداروں (ص:۱۰)، ہنر و ادبیات کے نو مراکز (ص: ۱۱)، تین لائبریریوں (ص: ۱۲) اور نو رسائل و جرائد (ص: ۱۳) کی ویب سائٹس کے ایڈریسز دیے گئے ہیں۔ اس موضوع پر یہ پہلی کاوش ہے اور قابلِ تحسین ہے، لیکن اس سے تشنگی کا احساس برقرار رہتا ہے کیوں کہ اس میں

صرف ایڈریسز دیے گئے ہیں اور مختصر سا تعارف بھی موجود نہیں ہے(اسے ضمیمے کے طور پر مقالے کے آخر میں شامل کیا جارہا ہے)۔ ان میں فارسی علم و ادب کے حوالے سے مفید اور حوالہ جاتی اہمیت کی حامل ویب سائٹس یہ ہیں :

۱۔ ایرانی ثقافتی ورثے کی ایک رنگا رنگ ویب سائٹ معلوماتی ، سیاحتی ، ثقافتی اور ایران شناسی کے دیگر پہلوؤں کے حوالے سے اہم ہے۔ اس میں ضمناً فارسی شعر و ادب کی معلومات بھی ملتی ہیں : www.iranmiras.ir

۲۔ سیاحتی نقطۂ نظر سے ایک ویب سائٹ : www.itto.org بہت مفید ہے۔ اس میں ایران کے اہم شہروں، شاہراہوں ، قابلِ دید مقامات، فنون لطیفہ، دستکاریوں ، آب و ہوا اور ذرائع آمد و رفت وغیرہ کے بارے میں اچھی معلومات ہیں۔

۳۔ ایرانی وزارتِ ثقافت کے ذیلی ادارے سازمان فرہنگ و ارتباطاتِ اسلامی کی ویب سائٹ :www.icro.ir اس اعتبار سے بہت اہم اور مفید ہے کہ اس میں فارسی علم و ادب اور ثقافت کے بارے میں دنیا بھر کی تازہ ترین خبریں ملتی ہیں۔ دنیا بھر میں پھیلے ہوئے ایران کے ثقافتی مراکز کا تعارف اور ان کی علمی ، ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں کی تفصیل اس میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے نیز ایرانیات سے متعلق شائع ہونے والی کتابوں اور ایرانی ادب کے تراجم سے بھی آگاہی ملتی ہے۔علم وادب کے بارے میں بہت سے اہم مضامین بھی پڑھے جاسکتے ہیں۔

۴۔ فارسی زبان و ادب کے حوالے سے دو فعّال ایرانی ادارے بہت اہم ہیں۔ ان کی ویب سائٹس فارسی زبان و ادب کے طلبہ ، اساتذہ اور محققین کے لیے بہت مفید ہوسکتی ہیں :

فرہنگستانِ زبان و ادبِ فارسی : www.persianacademy.ir

شورایِ گسترشِ زبان و ادب فارسی : www.persian_language.org

۵۔ ایرانی لائبریریاں دنیا کی ثروت مند ترین لائبریریوں میں شمار ہوتی ہیں۔ تمام ایرانی یونیورسٹیوں کی لائبریریوں تک رسائی متعلقہ یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے ہوسکتی ہے۔ ان کے علاوہ دو اہم لائبریریوں کی ویب سائٹس یہ ہیں:

آستانِ قدس رضوی لائبریری، مشہد : www.aqlibrary.org

ایران نیشنل لائبریری۔ تہران : www.nli.ir

یہ دونوں لائبریریاں محض کتب خانے نہیں بلکہ بہت بڑے ادارے ہیں اور ان کے تحت کئی مفید ذیلی شعبے کام کرتے ہیں۔ ان کی تمام سرگرمیوں کی اطلاعات ان ویب سائٹس سے حاصل ہوسکتی ہیں۔

اب کچھ مزید ویب سائٹس کا تعارف کرایا جاتا ہے۔ یہ تمام سائٹس خانۂ فرہنگ ایران، لاہور کے شائع کردہ مذکورہ کتابچے میں شامل نہیں ہیں:

۱۔ ایران کی قدیم زبانوں، علاقائی بولیوں کے تعارف اور ان کی نثری و شعری تخلیقات کے نمونے پر مشتمل یہ سائٹ بہت معلوماتی، مفید اور دلچسپ ہے

www.iranianlanguages.com:

۲۔ www.iranculturestudies.com کے تحت حسن کا مشاد کی مشہور کتاب Modern Persian Prose (1968) کے اہم حصّوں کے علاوہ قدیم و جدید فارسی نظم و نثر کے بارے میں بہت سا مفید مواد دستیاب ہے۔

۳۔ www.art-arena.com پر محمود کیانوش کی اہم کتاب Modern Persian Poetry (1996) کے اہم اقتباسات کے علاوہ نیما یوشیج، فریدون توللّی، نصرت رحمانی، مہدی اخوان ثالث، اسماعیل خویی، نادر نادر پور، شفیعی کدکنی، احمد رضا احمدی، سہراب سپہری اور محمود کیانوش وغیرہ جیسے جدید ایرانی

شاعروں کا تعارف اور نمونہ کالم موجود ہے۔ یہ سائٹ حوالہ جاتی اہمیت رکھتی ہے۔

۴۔ www.iranchamber.com کے تحت ایران کی قدیم زبانوں ، رسم الخط، قدیم و جدید نظم ونثر، اہم شاعروں اور ادیبوں اور فکشن کے بارے میں کئی اہم مضامین سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نئے شاعروں اور ادیبوں کے حالات اور ان کی تخلیقات کے تراجم بھی موجود ہیں۔

۵۔ ایران آن لائن کی ویب سائٹ :www.iranonline.com ایک آن لائن انسائیکلوپیڈیا کی حیثیت رکھتی ہے۔ یہ فارسی زبان و ادب کے مطالعات کے لیے اہم حوالہ بن سکتی ہے۔ اس میں بہت سے قدیم و جدید فارسی ادیبوں اور شاعروں کا تعارف ، ان کی تخلیقات کے متن اور تراجم اور ان کے فکر وفن کے بارے میں مفید مضامین موجود ہیں۔ طبری ادبی کے تحت گیلکی اور مازندرانی بولیوں کا ادب بھی موجود ہے۔ بچوں کی کہانیاں بھی ملتی ہے جو ابتدائی سطح کے طالب علموں کے لیے مفید ہوسکتی ہیں۔

۶۔ www.parstimes.com نامی سائٹ بھی بہت اہم ہے۔ اس میں ایران کے اہم علمی و ادبی رسالوں کا تعارف، ان کے مضامین کا خلاصہ، ادبی وتحقیقی اداروں اور نمایاں شاعروں ، ادیبوں کا تعارف ، ان کا نمونہ تخلیقات ، معاصر ایرانی ادب ، ایران سے ہجرت کر جانے والے شاعروں اور ادیبوں کی تخلیقات، فارسی افسانوں اور ناولوں کے تنقیدی مطالعات اور ضرب الامثال وغیرہ شامل ہیں۔ اس سے کئی اور سائٹس بھی منسلک ہیں۔

۷۔ فارسی کے دو اہم آن لائن علمی و ادبی رسالوں تک رسائی ان ایڈریسز کے ذریعے ہوسکتی ہے:

کیلے فورنیا سے شائع ہونے والا سہ ماہی مجلّہ رہ آورد

www.rahavard.com:

رسالہ ادبیات: www.edebiyat-journal

۸۔ نسخہ شناسی اور کتاب شناسی ، فارسی علم و ادب کا بہت بڑا تحقیقی موضوع ہیں ۔قلمی نسخوں اور ان کے ذخائر ، فہرستوں ، فہرست نگاری کے اصول وقواعد، فہرست نگاروں کے تعارف اور قلمی نسخوں کی تحقیق و اشاعت کے بارے میں آگاہی کے لیے یہ دو مستند سائٹس متعارف کرائی جاتی ہیں :

بیاض : www.bayaz.net

سواد : www.savad.net

۹۔ فارسی کے کئی اہم پبلشرز کی سائٹس بھی موجود ہیں جن میں وہ اپنی مطبوعات کا تعارف کراتے رہتے ہیں۔ ان سے تازہ ترین کتابوں کے موضوعات اور ان کی اہمیت کا پتہ چلتا رہتا ہے۔ مزدا پبلشرز کی یہ سائٹ: www.mazdapublisher.com اس سلسلے میں خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ اس میں فارسی علم و ادب کے ہر شعبے میں شائع ہونے والی کتابوں کے علاوہ ، آئندہ اشاعتوں اور نایاب کتابوں کے تعارف اور ان کی آن لائن خرید وفروخت کا اہتمام کیا گیا ہے۔علم و ادب سے متعلق نئی سے نئی کتابوں سے آگاہ رہنے کے لیے یہ سائٹ بہت مفید ہے۔ اس کی مدد سے تازہ ترین منابع تک رسائی ممکن ہوسکتی ہے۔

۱۰۔ جدید فارسی شعر و ادب کے حوالے سے یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ نثر نگاروں میں سے سیّد محمد علی جمالزادہ ، صادق ہدایت ، ہوشنگ گلشیری ، جلال آل احمد اور صادق چوبک اور شاعروں میں سے نیما یوشیج ، فروغ فرخزاد، سہراب سپہری ، مہدی اخوان ثالث اور احمد شاملو کے بارے میں زیادہ سائٹس موجود ہیں۔ جدید فارسی ادب کی

چند مفید سائٹس یہ ہیں:

1. www.farhangsara.com
2. www.farsinet.com
3. www.iranpoetry.com
4. www.mehrganfoundation.com
5. www.perlit.sailorsite.net/modernlit.html
6. www.shabesher.com

منابع :

1. www.aqlibrary.org
2. www.art-arena.com
3. www.bayaz.net
4. www.edebiyat-journel.com
5. farhangsara.com
6. farsinet.com
7. icro.ir
8. iranchamber.com
9. iranculturestudies.com
10. iranianlanguages.com
11. iranmiras.ir
12. iranonline.com
13. iranpoetrycom
14. itto.org
15. mazdapublisher.com
16. mehrganfoundation.com
17. nli.ir

18. parstimes.com
19. perlit.sailorsite.net
20. persianacademy.ir
21. persian-languages.org
22. rahavard.com
23. saved.net
24. shabesher.com

ضمیمہ

اسلامی جمہوریہ ایران کے ثقافتی، تعلیمی اور ادبی مراکز کی ویب سائٹس

خانۂ فرہنگِ جمہوری اسلامی ایران، لاہور، ۲۰۰۵ء

ثقافتی مراکز:

1.www.khamenei.ir
2.www.wilayah.ir
3.www.awqaf-i.org
4.www.itf.org.ir
5.www.imam-khomeini.com
6.www.dialoguecentre.org
7.www.iranmiras.ir
8.www.itto.org
9.www.ershad.gov.ir
10.www.mullasadra.org
11.www.nioc.org

12.www.mfa.govir

13.majles.ir

14.www.president.ir

15.www.imamreza.net/arb

16.www.icro.ir

اخبارات :

1. www.iran-daily.com
2. www.iran-varzeshi.com
3. www.ettelaat.com
4. www.hamshahri.org
5. www.iran-newspaper.com
6. www.kayhannews.ir
7. www.iran-emrooz.net
8. www.iran-news.com
9. www.tehrantimes.com
10. www.jomhourieslami.com
11. www.donya-e-eqtesad.com

فنون لطیفہ :

1. www.khoshnevis.com
2. www.art.arena.com
3. persianpaintings.com
4. www.galleryovissi.com
5. www.ressouli.com

یونیورسٹیاں اور کالجز:

1. www.aku.ac.ir
2. www.ajums.ac.ir
3. www.iau-abhar.ac.ir
4. www.basu.ac.ir
5. www.mubabol.ac.ir
6. www.um.ac.ir
7. www.hums.ac.ir
8. www.mui.ac.ir
9. www.iust.ac.ir
10. isu.ac.ir
11. www.iau.ac.ir
12. www.iums.ac.ir
13. www.kntu.ac.ir
14. www.kums.ac.ir
15. www.kmu.ac.ir
16. uok.ac.ir
17. www.pnu.ac.ir
18. www.put.ac.ir
19. www.shirazu.ac.ir
20. www.sbu.ac.ir
21. www.sharif.ac.ir
22. www.semnan.ac.ir

23. www.sadjad.ac.ir
24. www.qom.ac.ir
25. www.tums.ac.ir
26. www.modares.ac.ir
27. www.tabrizu.ac.ir
28. www.ut.ac.ir
29. www.ui.ac.ir
30. www.gu.ac.ir
31. www.usb.ac.ir
32. www.iut.ac.ir
33. www.golestangums.ir
34. www.urmia.ac.ir
35. www.vru.ac.ir
36. www.jazduni.ac.ir
37. www.yu.ac.ir
38. www.znu.ac.ir

ٹیلی ویژن۔ ریڈیو۔ فلم

1. www.irib.ir/tv
2. www.tv2.irib.ir
3. www.tv3.irib.ir
4. www.tv4.irib.ir
5. www.tv5.irib.ir

6. www.jame-jam.ir
7. www.cinemairan.com
8. www.irna.com
9. www.soroush-media.com
10. www.fcf-ir.com

ہنر و ادبیات :

1. www.cgie.ir
2. www.tamasha.com/art/poetry/sepehri.htm
3. www.rumionfire.com
4. www.okonlife.com
5. www.persianacademy.ir
6. www.persian-language.org
7. www.mirasmaktoob.com
8. www.mahfel.com/main.htm
9. www.kar-online.com/honar

لائبریریز:

1. www.aqlibrary.org
2 .www.nli.ir/new/persian/default.asp
3. www.imamalinet.net

رسائل ۔ ماہنامہ:

1. www.mani-poesi.de
2. www.tchissta.com
3. www.kayhanhavai.com
4. www.soroushpress.com
5. www.webeiran.com
6. www.persian-heritage.com
7. www.tavoosmag.com
8. www.shahrvand.com
9. www.rahe-azadi.de

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 30, Sr.No.76, 2009, pp 81 - 90

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۰، جولائی۔ ستمبر ۲۰۰۹ء، شمارہ ۷۶

سبک ہندی کی فارسی غزل، نمایاں خصوصیات

ڈاکٹر محمد صابر ☆

Abstract:

The classical Persian poetry is divided into three major poetic styles named: Khorasani, Iraqi and Hindi. Ghazal got more attention of the poets and literary people during Saljuqi and Mongol periods but became the most desireable poetic version Timurids reign. Sa'di and then Hafiz took the Ghazal to new heights but it was Hindi or Indian style Persian poetry which introduced new trends in Ghazal. In this article Indian style Persian Ghazal has been critically evaluated.

Key words: Persian Ghazal, Indian style, Importance.

تھران یونیورسٹی کے فاضل استاد جناب ڈاکٹر غلام رضا ستودہ نے اپنے تحقیقی مقالہ بعنوان ''سبک سخنوری فارسی عصر صفوی راچہ بنامیم'' میں صفوی عہد (۹۰۷-۱۱۳۵ق) کے شعرا کے سبک کو ایرانی اور غیر ایرانی محققین کے حوالے سے چار گروہوں میں تقسیم کیا ہے۔

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ فارسی، اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

(۱) بعض اسے سبکِ ہندی کہتے ہیں۔
(۲) بعض اسے سبکِ اصفہانی کہہ کر پکارتے ہیں۔
(۳) بعض سبکِ ہندی یا سبکِ اصفہانی کے علاوہ کوئی اور نام دیتے ہیں۔
(۴) بعض محققین اڑھائی سو سالہ عرصہ کی شاعری کے سبک کو ایک نام دینا کافی نہیں سمجھتے۔

لیکن ان کے مطابق فارسی زبان کے عہد حاضر اور عہد قدیم کے بہت سے محققین اس بات پر متفق ہیں کہ اس سبک کو سبک ہندی کہنا چاہیے(۱)۔ کیونکہ اس سبک کو سبکِ ہندی کہنے کی اہم وجوہات یہ ہیں کہ اس کا آغاز و انجام اور تحول و ارتقا برصغیر ہی میں ہوا اور اس سبک میں جن اہم اور نامور شعرا نے شاعری کی ان میں سے بیشتر کا تعلق برصغیر ہی سے تھا۔ خواہ وہ برصغیر سے تھے یا مہاجرت کر کے یہاں آئے۔ اس کے علاوہ نہ صرف برصغیر بلکہ ایرانی شعرا نے بھی اسی سبک میں شاعری کی۔ سبکِ ہندی کے شعرا میں ایک گروہ ایسا تھا جو فارسی زبان تھے لیکن کبھی بھی ایران نہیں گئے اور دوسرا گروہ ایسا بھی تھا جو ایران سے ہجرت کر کے برصغیر آیا۔(۲)

سبک ہندی کے بارے میں مختلف محققین نے الگ الگ آراء دی ہیں، لیکن عام رائے یہ ہے کہ نویں صدی ہجری میں تحول و ارتقا کی بنا پر سبک ہندی کا آغاز ہوا۔ براؤن، ذبیح اللہ صفا، حسین خطیبی اور چند دیگر محققین اس بات پر متفق ہیں کہ اس سبک کا آغاز مولانا عبدالرحمٰن جامی (۸۱۷-۸۹۸ق) کے بعد سے ہوتا ہے اور یہ سبک بارہویں صدی ہجری میں اپنے عروج پر تھا۔ لیکن بعض محققین امیر خسرو دہلوی (۶۵۱-۷۲۵ق) جو فارسی زبان کے معروف شاعر تھے۔ جن کا تعلق خلجی اور تغلق عہد سے تھا کو سبکِ ہندی کا بانی قرار دیتے ہیں۔ اس عظیم شاعر نے فارسی زبان کی تمام اصناف سخن میں شعر کہے۔ اگرچہ اس نے غزل میں سعدی شیرازی، قصیدہ میں کمال الدین اسمٰعیل اور مثنوی میں حکیم نظامی گنجوی کی پیروی کی ہے۔ لیکن اگر اس کے اشعار خاص طور پر وہ اشعار جو کسی کی پیروی میں نہیں ہیں، ان کا بغور مطالعہ

کریں تو ان میں سبک ہندی کی جھلک دکھائی دیتی ہے۔ جس کی اہم ترین وجوہات میں سے معاشرتی ماحول، ایران سے دوری اور فارسی زبان کا خاص نہ ہونا شامل ہیں۔

عہد حاضر کے بہت بڑے شاعر، دانشور، محقق اور تھران یونیورسٹی کے مایہ ناز استاد ڈاکٹر محمد رضا شفیعی کدکنی سبکِ ہندی کے آغاز کے بارے یوں لکھتے ہیں:

یہ اختلاف عہد حاضر کے سبھی سبکِ شناسوں میں نظر آتے ہیں۔ ایک کہتا ہے سبک ہندی خاقانی سے شروع ہوتا ہے۔ دوسرا کہتا ہے کہ یہ بابا فغانی شیرازی سے شروع ہوتا ہے اور تیسرا کہتا ہے کہ رودکی سے شروع ہوتا ہے ۔ یہ سب کچھ معلومات نہ ہونے کا نتیجہ ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ سبھی نظریات ادبی متون سے بخوبی واقفیت نہ ہونے کی وجہ سے سامنے آئے ہیں۔ اگر انہی کے نظریات پر چلتے ہوئے مزید بحث کی جائے تو ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام ہی سبکِ ہندی کے بانی تھے(۳)

خصوصیات (۴)

(۱) تشبیہ، استعارہ اور کنایہ فارسی شاعری کے قدیم ترین ارکان ہیں۔ لیکن اُن میں ہر صدی میں تبدیلیاں آتی رہیں۔ یہاں تک کہ وہ تبدیلیاں سبکِ ہندی کی غزل تک آ پہنچیں۔ ان میں سے اہم ترین تبدیلیاں الفاظ اور کلمات کی ہیں۔ سبکِ ہندی کے شعرا کی تشبیہات اور کنایات کی اساس تازگی اور تنوع پر ہے۔

(۲) تشخیص (Personification) یعنی کسی بے جان چیز کو انسانی صفت دینا اور یہ سبک ہندی کی غزل کی اہم خصوصیات میں سے ایک ہے۔

عشق از طلبِ صحبتِ رضوان بود آزاد
زهد است که دستِ هوسش در کمرِ اوست

(کلیات عرفی شیرازی، ج۱، ص ۳۶۵)

(۳) کسی شعر میں ارتباط اور لفظی تناسبات نمایاں فنی خصوصیات میں سے ہوتی ہیں اور

مراعات النظیر اس سبک کی غزل کی اہم خصوصیات میں شمار ہوتی ہیں۔

دانۂ قابلِ نہ مزرعِ سبز فلکی نیستی برگ ، چہ از باد خزان می لرزی

(دیوان صائب تبریزی، ج۶، ص۳۲۲۴)

(۴) ایہام تقریباً سبھی زبانوں کی شاعری کی مروجہ صنعتوں میں سے ہے اور سبکِ ہندی کی غزل میں ایہام زیادہ تر دوافاہیم کی اساس پر یعنی فعل اور تراکیب فعل پر ہے، مثلاً در برم پوشیدن (لباس پہننا) اور چشم پوشیدن (صرف نظر کرنا)

در محیطِ حادثاتِ دھرمانندِ حباب
چشم پوشیدن لباسِ عافیت شد در برم

(دیوان مولانا بیدل دہلوی، ص۹۵۰)

(۵) اسلوب معادلہ سے مراد تمثیل نگاری ہے جس کے دونوں مصرعوں میں کوئی حرفی یا معنوی ربط نہ ہو یعنی کسی شعر کے ایک مصرع میں کوئی بات کی گئی ہو اور اس کے دوسرے مصرع میں اس کی دلیل کے لئے مثال دی گئی ہو۔ یہ سبکِ ہندی میں نمایاں نظر آتی ہے۔

روشن دلان خوش آمدِ شاہان نگفتہ اند
آیینہ عیب پوشِ سکندر نمی شود

(دیوان کلیم کاشانی، ص۴۴۰)

(۶) حس آمیزی، یعنی دو حسوں کا ملاپ، یہ مغلیہ عہد کے آغاز کی غزل میں کم دکھائی دیتی ہے لیکن مغلیہ دور کے اواخر میں اس کا استعمال زیادہ ہے۔

زبانِ تیغ او شیرین ادایی کرد در کام
بہ عنوانی کہ بی تابانہ بوسیدم دھانش را

(کلیات اشعار ملک الشعرا، طالب آملی، ص۲۱۹)

(۷) تناقض، یہ صفت فارسی شاعری میں سنائی سے شروع ہوئی اور آہستہ آہستہ اس کا استعمال بڑھتا گیا اور یہ بالخصوص سبک ہندی کی غزل میں نمایاں ہے۔

چون سمندر غوطه در دریای آتش خورده ایم
تا زروی آتشینِ او نقاب افکنده ایم

(دیوان صائب تبریزی، ج ۵، ص ۲۶۳۷)

(۸) تلمیح، جس سے مراد کسی داستان یا مشہور و معروف واقعہ کی طرف اشارہ ہے اور یہ بھی سبکِ ہندی کے شعرا کے ہاں نمایاں ہے۔

هزاران کوهِ معنی کندم و گوهر بر آوردم
به سهو آخر صدای تیشهٔ زین کوهکن بشنو

(کلیات اشعار ملک الشعراء طالب آملی، ص ۸۳۳)

(۹) تجرید بھی سبکِ ہندی کی اہم خصوصیات میں شمار ہوتی ہے اور یہ بیدل دہلوی کے ہاں بکثرت ہے۔

گر به تسلیم وفا پافشرد طاقتِ عجز
باده از خون رگِ سنگِ کند شیشهٔ ما

(دیوان مولانا بیدل دہلوی، ص ۱۲۳)

(۱۰) اغراق، یہ سبک ہندی کے شعرا کے ہاں بہت نمایاں ہے۔

گر کامِ دل زگریه میسر شود ز دوست
صد سال می توان به تمنا گریستن

(کلیات عرفی شیرازی، ج ۱، ص ۷۹۱)

(۱۱) معما پردازی، صفوی دور کے اکثر شعرا "معما" کہنے میں مصروف تھے اور کچھ شعرا نے معمائی کے نام سے شہرت حاصل کی، مثلاً شہاب معمائی، نظام معمائی اور رفیعی معمائی وغیرہ۔

(۱۲) وابستہ ھای خاص عددی، یہ بھی سبکِ ہندی کی غزل کی اہم خصوصیات میں سے ایک ہے۔

با عقل گشتم هم سفر یك کوچه راه از بیکسی
شد ریشه ریشه دامنم از خارِ استدلالها

(دیوان صائب تبریزی، ج ۱، ص ۴۱۵)

(۱۳) تکرار قافیہ بھی اس سبکِ کے شعراء میں نمایاں ہے۔

(۱۴) سبک ہندی کی اہم ترین خصوصیات مشکل پسندی اور دور از ذہن افکار ہیں۔ قدیم شعراء کی شاعری میں آسان اور سادہ مضامین نظر آتے ہیں۔ لیکن سبک ہندی کی غزل میں ابہام زیادہ دکھائی دیتا ہے۔

(۱۵) اس سبک کے شعرا نے اپنی تمام تر توجہ تازہ گوئی اور مضمون آفرینی کی طرف مبذول کی ہوئی ہے جس کی بنا پر یہ سبک دوسرے اسالیب سے نمایاں ہے۔

عشرتِ ما معنی نازك به دست آوردن است

عیدِ ما نازك خیالان را هلال این است و بس

(دیوان صائب تبریزی، ج۵، ص۲۳۳۴)

(۱۶) سبک ہندی کی غزل کے پیرو شعرا نے دقیق مضامین کے علاوہ بے شمار مطالب کو ایک شعر میں سمویا ہے، جسے بلاغت کہتے ہیں۔

بدنامی حیات دو روزی نبود بیش
آن هم کلیم با تو بگویم چسان گذشت
یك روز صرف بستن دل شد به این وآن
روزِ دگر به کندنِ دل از این وآن گذشت

(دیوان کلیم کاشانی، ص ۲۴۸)

(۱۷) خاص تراکیب، نئی تراکیب کا استعمال اس سبک کی غزل کے امتیازات میں سے ہے۔

یك ز بانم من و نمی گویم
سخنی راکه پُشت و رو دارد

(دیوان کلیم کاشانی، ص ۳۸۳)

(۱۸) یاس وقنوطیت، سبک ہندی کی غزل میں یاس اور نا امیدی کا اظہار بہت پایا جاتا ہے اور یہ یورپ کی رومانوی شاعری سے زیادہ مشابہ ہے۔ رومانوی شاعری میں بھی یاس، شکست، ناکامی اور رنج بہت زیادہ نظر آتا ہے۔

اگر به نشوو نما یابی رسیده ایم این است
که خار پای دوانیده ریشه تا جگرم

(دیوان کلیم کاشانی، ص ۵۱۳)

(۱۹) سبک ہندی کے شعرا کے ہاں زندگی کے بارے احساسات وعواطف کا بیان نمایاں نظر آتا ہے۔

(۲۰) خیال بندی، اس سبک کے اکثر شعراء کے ہاں زندگی اور مظاہر زندگی کے ساتھ ذہنی روابط نظر آتے ہیں اور ان کی شاعری میں دعوا ہے کہ ان کی فکر اور سوچ قوی اور مضبوط ہیں اس طرز میں جلال اسیر، کلیم کاشانی، صائب تبریزی، بیدل دہلوی اور ناصر علی سرہندی بہت شہرت رکھتے ہیں۔

فکرِ صیدِ خلق دارند زهدانِ گوشه گیر
خاکساری پردهٔ تزویر باشد دام را

(دیوان صائب تبریزی، ج ۱، ص ۲۰)

(۲۱) اس سبک کی غزل میں برائی، سودخوری، حرص اور لالچ کی سرزنش بہت نظر آتی ہے۔

گر به قسمت قانعی، بیش و کمِ دنیا یکی است
تشنه چون یك جرعه خواهد کوزه و دریا یکی است

(دیوان کلیم کاشانی، ص ۲۷۸)

(۲۲) سبک ہندی کے شعرا ظاہر پرست ملا کو معاشرتی فساد کا باعث قرار دیتے ہیں اور نیشدار باتوں سے مذاق کرتے ہیں۔

دانۂ بسیار درکار است بهرِ صیدِ خلق
حق به دستِ زاهد است از سبحه را صد دانه ساخت

(دیوان کلیم کاشانی، ص ۲۷)

(۲۳) اس سبک کے شعرا وحدت اور ترک تعصب کا بھی درس دیتے ہیں۔

(۲۴) اس سبک کے شعرا لوگوں کو فعالیت، سچائی، وفاداری اور جوانمردی کا درس دیتے ہیں۔

از ورطه میندیش که تا از کفِ اخلاص
دامانِ توکل بوده امید نجات است

(کلیات اشعار طالب آملی، ص ۳۴۰)

(۲۵) سبک ہندی کی غزل میں بالائی طبقے کے مظالم اور بے اعتنائی کے مضامین بکثرت دکھائی دیتے ہیں۔

در سرء هوس افسر جمشد نداریم
ارزاتی ما باد کلاۂ نمدِ ما

(کلیات اشعار طالب آملی، ص ۲۲۵)

(۲۶) اس سبک میں اعلیٰ حکام اور مسند نشینوں کی بے انصافی کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

دولتِ سنگدلان را نبود استقرار
سیل از کوه به تعجیل روان می گردد

(دیوان صائب تبریزی، ج ۴، ص ۱۵۹۰)

(۲۷) سبک ہندی کے شعرا نے آیات اور احادیث سے دوری اختیار کی ہوئی ہے۔

☆☆☆

حواشی:

(۱) سبک سخنوری فارسی عصر صفوی راچہ بنامیم، دکتر غلامرضا شودہ، ناموارۂ دکتر افشار، ج۱، صص ۲۰۹-۲۲۴

(۲) محمد طالب آملی، شرح حال و آثار او، پایان نامۂ دورۂ دکتری محمد مرسلین، ص۴

(۳) شاعر آیینہ ھا، دکتر محمد رضا شفیعی کدکنی، ص۴۰

(۴) تحول شعر فارسی، زین العابدین موتمن، ص ۳۵۹؛ سبک ادبی صائب، پایان نامۂ دورۂ دکتری محمد مجدی، ص ۵۴؛ شعر العجم، شبلی نعمانی، ج۳، صص ۱۷-۲۲؛ تاریخ ادبیات در ایران، ذبیح اللہ صفا، صص ۵۲۱-۵۷۵، سبک ھندی و کلیم کاشانی، شمس لنگرودی، صص ۵۴-۹۷؛ شاعر آیینہ ھا، محمد رضا شفیعی کدکنی، صص ۳۷-۷۲؛ موج اجتماعی سبک ھندی، غلام فاروق فلاح، صص ۳۹-۱۶۳؛ دیوان ابو طالب کلیم ھمدانی؛ دیوان صائب تبریزی؛ کلیات عرفی شیرازی؛ کلیات اشعار ملک الشعراء طالب آملی؛ کلیات دیوان بیدل دہلوی۔

☆☆☆

منابع و مآخذ

☆ تاریخ ادبیات در ایران، ذبیح اللہ صفا؛ انتشارات فردوس، تھران، ۱۳۷۳ش

☆ تحول شعر فارسی، زین العابدین موتمن، کتابخانہ طھوری، تھران، ۱۳۷۱ش

☆ دیوان ابو طالب کلیم ھمدانی، مقدمہ تصحیح وتعلیقات محمد قھرمان؛ انتشارات آستان قدس رضوی، مشہد، ۱۳۷۵ش

☆ دیوان صائب تبریزی، بہ کوشش محمد قھرمان؛ شرکت انتشارات علمی وفرہنگی، تھران، ۱۳۷۰ش

☆ سبک ادبی صائب؛ باتوجہ بہ ترکیبات تشبیھی، پایان نامۂ دورہ دکتری محمد مجدی؛ کتابخانۂ دانشکدۂ ادبیات وعلوم انسانی، دانشگاہ تھران، ۱۳۵۳ش

☆ سبک سخنوری فارسی عصر صفوی راچہ بنامیم، دکتر غلام رضا ستودہ، ناموارۂ دکتر محمود افشار بہ کوشش ایرج افشار باھمکاری کریم اصفہانیان، ج۱، تھران، ۱۳۵۴ش

